بسم اللہ الرحمن الرحیم

پروفیسر ظفر احمد☆

السیرۃ النبویہ علیٰ صاحبہا الصلوٰۃ والسلام

(توقیتی مطالعہ: مکی دور)

نویں قسط

تمہید

مدنی دور کا توقیتی مطالعہ بحمد اللہ مکمل ہوا۔ مکی دور کے توقیتی مطالعے کے لئے ہمیں رسول اکرم ﷺ کی ولادتِ باسعادت اور تاریخ نزول وحی کے اعتبار سے سن میلادی قمری اور سن نبوی قمری کو ملحوظ رکھنے کے ساتھ ساتھ اس دور میں مکہ مکرمہ اور اس کے گردونواح میں رائج قمریہ شمسی تقویم کی توقیت سے بھی واسطہ پڑے گا، لہٰذا رسولِ اکرم ﷺ کی ولادتِ مبارکہ کی قمری و قمریہ شمسی توقیت کو یہاں نئے انداز سے دوبارہ زیرِ بحث لایا جارہا ہے۔ اندریں سلسلہ بعض سابقہ مضامین کے اعادے و تکرار کو اس لئے ضروری سمجھا گیا کہ ہر طرح کے شبہات کا مکمل استیصال ہو سکے اور تعصب و عناد کی بناء پر حقائقِ ثابتہ کا انکار کرنے والوں پر پوری طرح حجت قائم ہو سکے۔ اس مبسوط بحث کے بعد سن میلادی قمری کی تعین کر کے اس کے متعلق تحویلی قواعد وضع کئے جائیں گے۔ اسی طرح نزولِ وحی کی تاریخ اور فترتِ وحی کے زمانے کی تعین کر کے سن نبوی قمری کو زیرِ بحث لاتے ہوئے اس کے متعلق بھی تحویلی قواعد وضع کئے جائیں گے تاکہ اس کے بعد مکی دور کے واقعات کو بیان کرنے سے پہلے رسولِ اکرم ﷺ کی حیاتِ طیبہ کی پوری مدت کی مکمل قمریہ شمسی، قمری اور عیسوی جیولین تقویم یکجا پیش کی جاسکے، وباللہ التوفیق۔

رسولِ اکرم ﷺ کی ولادتِ مبارکہ کی تاریخ پر مبسوط بحث

جیسا کہ مقالۂ ہٰذا کی پہلی قسط میں ''سعادات'' کے عنوان کے تحت مذکور ہو چکا ہے، رسولِ اکرم ﷺ کی ولادتِ باسعادت کی قبلِ ہجرت قمریہ شمسی تقویم کے اعتبار سے تاریخ ۸ ربیع الاول ۵۳

☆ سابق صدر شعبہ علوم اسلامیہ، گورنمنٹ ایس ای کالج، بھاولپور

قبل ہجرت ہے۔ جو خالص قمری تقویم کے اعتبار سے ۸؍رمضان المبارک ۵۵ قبل ہجرت کے مقابل ہے۔ عیسوی (جیولین) تاریخ ۴؍نومبر ۵۶۹ عیسوی بنتی ہے۔ یاد دہانی کے لئے اس بحث کے اہم نکات کو نئے انداز سے پیش کیا جا رہا ہے جس سے نئے قارئین حضرات کو گزشتہ اقساط کی ورق گردانی کی انشاء اللہ العزیز ضرورت پیش نہیں آئے گی۔

۱۔ مدنی دور کے تمام حوادث اور غزوات و سرایا کے سال بہ سال توقیتی مباحث سے بخوبی واضح ہو چکا ہے کہ قریش مکہ کی تقویم عبرانی (یہودی) قمریہ شمسی تقویم کی طرز پر قمریہ شمسی تھی، قمری نہیں تھی۔ رسولِ اکرم ﷺ اور مہاجرین صحابۂ کرامؓ مدینہ منورہ میں بھی یہی تقویم لے گئے اور اسی پر عمل پیرا رہے۔ بالآخر یہ قمریہ شمسی تقویم ذی الحجہ ۱۰؍ہجری قمری میں حجۃ الوداع کے موقع پر ہمیشہ کے لئے منسوخ کر دی گئی اور تمام شرعی مقاصد کے لئے آئندہ کے لئے خالص قمری تقویم کو ہی بحال رکھا گیا جسے مدینہ منورہ کے لوگ ابتدا ہی سے استعمال کرتے چلے آ رہے تھے۔ اس کی باحوالہ مزید وضاحت آئندہ سطور میں نمبر شمار ۸ میں آ رہی ہے۔

۲۔ مشہور روایات کے مطابق رسولِ اکرم ﷺ کی عمرِ مبارک ۶۳ سال ہے۔ قمریہ شمسی سال کی دنوں میں مدت شمسی سال سے قریب ترین ہوتی ہے، لہٰذا ۶۳ قمریہ شمسی سال دراصل ۶۳ شمسی سال ہیں، جو خالص قمری تقویم کے اعتبار سے ۶۵ سال بنتے ہیں۔ کیونکہ کوئی ساڑھے بتیس شمسی سالوں میں ایک قمری سال کا اضافہ ہو جاتا ہے، چنانچہ حضرت ابن عباسؓ وغیرہ سے مروی بعض روایات کے مطابق آپ کی عمر مبارک ۶۵ سال ہے۔(۱)

۳۔ رسولِ اکرم ﷺ کی اس دارِ فانی سے دار البقاء کی جانب رحلت کی خالص قمری تقویم میں تاریخ ۱۲؍ربیع الاول ۱۱؍ہجری بروز سوموار بلحاظِ مدنی رویئت ہلال ہے۔ مکی رویئت کے مطابق یہ تاریخ ۱۳؍ربیع الاول ۱۱؍ہجری ہے۔ عیسوی جیولین تاریخ ۸؍جون ۶۳۲ عیسوی ہے۔ ۶۳۲ سے ۶۳ سال کم کئے جائیں تو عیسوی جیولین میں رسولِ اکرم ﷺ کا سالِ ولادت (۶۳۲-۶۳) = ۵۶۹ عیسوی جیولین برآمد ہوتا ہے۔ چونکہ مکہ میں ان دنوں قبلِ ہجرت تقویم یہودی طرز پر قمریہ شمسی تھی اور یہودیوں کے عبرانی سال کا آغاز ان دنوں بعض سالوں میں اواخر اگست، اور اکثر سالوں میں ستمبر میں ہوتا تھا اس لئے ہم یکم ستمبر ۵۶۹ عیسوی کے بالمقابل قبلِ ہجرت خالص قمری تقویم کا مہینہ ان حسابی قواعد کے تحت معلوم کرتے ہیں جو مقالۂ ہٰذا کی پہلی قسط میں مع امثلہ تفصیل سے بیان کئے گئے ہیں تاکہ برآمد شدہ اس خالص قمری مہینے کو قمریہ

شمسی مہینے محرم کے مقابل لایا جاسکے۔ یکم ستمبر ۵۶۹ عیسوی جیولین، (۲۴۳ تقسیم ۳۶۵+۵۶۹) تقسیم ۲۰۴۰۹۷ء۷-۶۵۵۷ء۶۴۲=-۱۹۱۴ء۴۹۴۹۱ء۵۵، (-۴۹۴۹۱ء۴×۱۲)=-۹۳۸۹۲ء۵، یعنی منفی سمت میں پانچ قمری مہینے پورے ہوکر چھٹا مہینہ چل رہا تھا۔ پس مثبت سمت میں قمری مہینہ (۱۲-۵=)۷=رجب رواں تھا۔، (-۹۳۸۹۲ء۵×۵ء۲۹)=-۶۹۸۱۴ء۲۷، اسے مثبت سمت میں لاتے ہوئے قمری تاریخ (-۶۹۸۱۴ء۲۷+۵ء۳۰)=۸ء۲=۳ رجب ۵۵ قبل ہجرت برآمد ہوئی۔ پس یکم ستمبر ۵۶۹ عیسوی جیولین کو قمری تاریخ ۳ رجب ۵۵ قبل ہجرت تھی۔ عبرانی سال (۵۶۹+۳۷۶۱)=۴۳۳۰ خلیقہ تھا، (۴۳۳۰ تقسیم ۱۹ کا حاصل قسمت ۲۲۷، باقی ماندہ)=۱۷ ہوا، یعنی یہ عبرانی سال ۲۲۸ ویں عبرانی میطونی ۱۹/سالہ دور کا سترہواں سال تھا۔ سترہواں عبرانی سال مکبوس سال ہوتا ہے یعنی یہ ان سالوں میں شامل تھا جن کے بارہ مہینوں میں ایک زائد قمری مہینہ (کبیسہ کا مہینہ) ڈال کر سال ۱۳/ماہ کا کیا جاتا تھا۔ زائد قمری مہینہ ڈالنے کا یہ عمل اصطلاح میں "نسی" کہلاتا تھا اور جو یہودی مذہبی رہنما یہ کام کرتا تھا اسے ناسی کہا جاتا تھا (۲)۔ عربوں میں نسی کا یہ فریضہ بنوکنانہ کے سپرد تھا۔ اس قبیلے کے جس سردار نے سب سے پہلے قمری مہینوں میں نسی کا مہینہ ڈالا، اس کا نام قلمس تھا۔ اس کے بعد اس قبیلے کے ہر ناسی کو قلمس کہا جانے لگا۔ قلمس کی عربی زبان میں جمع قلاسہ اور ناسی کی جمع نُساۃ آتی ہے۔

چونکہ مذکورہ عبرانی سال ۴۳۳۰ خلیقہ مکبوس سال تھا اور عربوں کی دورِ جاہلیت سے چلی آنے والی قمریہ شمسی تقویم یہودی طرز پر تھی لہٰذا سال ۵۵ قبل ہجرت قمری کے بالمقابل قمریہ شمسی سال مکبوس سال تھا۔ چونکہ تقریباً ہر ساڑھے بتیس شمسی اور قمریہ شمسی سالوں میں خالص قمری سالوں کی مدت میں ایک قمری سال بڑھ جاتا ہے لہٰذا منفی سمت میں خالص قمری تقویم کے ۵۵ سال، قمریہ شمسی تقویم میں ۵۳ سال ہوئے۔ بالفاظ دیگر قمریہ شمسی تقویم کے اعتبار سے یہ سال ۵۳ قبل ہجرت قمریہ شمسی تھا اور مذکورہ بالا وضاحت کے مطابق مکبوس سال تھا۔ قمریہ شمسی سال کا پہلا مہینہ محرم قمریہ شمسی، یہودی طرز پر عبرانی تقویم کے پہلے مہینے تشری کے مقابل ہوا کرتا تھا۔ یہودی آج بھی دس تشری کا روزہ رکھتے ہیں۔ رسولِ اکرم ﷺ نے جب مدینہ ہجرت فرمائی تو مدینے کے پڑوس میں آباد یہودی قبائل کو ۱۰ محرم کا روزہ رکھتے دیکھا۔ یہودیوں نے آپ کو بتایا کہ اس دن بنی اسرائیل کو فرعون سے نجات حاصل ہوئی تھی۔ رسولِ اکرم ﷺ نے فرمایا کہ یہ روزہ رکھنے کا ہمیں زیادہ حق حاصل ہے، آپ نے مسلمانوں کو دس محرم کا روزہ رکھنے کا حکم دیا۔ رمضان المبارک کے روزوں کے فرض ہونے سے پہلے ۱۰/محرم کا یہ روزہ مسلمانوں پر فرض تھا۔ صیامِ رمضان کی فرضیت کے بعد یہ فرض نہ رہا بلکہ نفلی

ہوگیا۔ (۳) اس سے صاف پتہ چلتا ہے کہ ان دنوں یہودیوں کا تشری مسلمانوں کے محرم کے مقابل ہوا کرتا تھا۔ ورنہ یہودیوں کو کیا ضرورت تھی کہ وہ اپنے مذہبی مقاصد کے لئے عربوں کی تقویم کو اختیار کرتے۔ تشری کا مہینہ آج کل ۵ ستمبر سے ۵/اکتوبر کی درمیانی تواریخ میں آتا ہے۔ ان دنوں عموماً اواخرِ اگست اور ستمبر میں ہوا کرتا تھا۔ مذکورہ بالا حسابی تخریج سے ثابت ہورہا ہے کہ یکم ستمبر ۵۶۹ عیسوی جیولین کو خالص قمری تقویم کے اعتبار سے تاریخ ۳/رجب ۵۵ قبل ہجرت اور قمریہ شمسی تقویم کے اعتبار سے ۳ محرم ۵۳ قبل ہجرت اور عبرانی تقویم کے اعتبار سے ۳ تشری ۴۳۳۰ خلیقہ تھی۔ پس یکم تشری ۴۳۳۰ خلیقہ بمطابق یکم محرم ۵۳ قبل ہجرت قمریہ شمسی بمطابق یکم رجب ۵۵ قبل ہجرت قمری کو عیسوی جیولین تاریخ ۳۰/اگست ۵۶۹ عیسوی جیولین تھی۔ قرانِ شمس وقمر (ولادتِ قمر) کی عیسوی تاریخ بغداد کے معیاری وقت کے مطابق ۲۸ اگست ۵۶۹ عیسوی جیولین بوقت ۴۵:۳۰ تھی، لہٰذا رویئتِ ہلال کے لحاظ سے مذکورہ تاریخ ۳۰/اگست ۵۶۹ عیسوی جیولین درست ہے۔

۳۰ اگست ۵۶۹ عیسوی جیولین کا دن جمعہ تھا، (۵۶۸×۲۵ء۱+۲۴۲)=۹۵۲، (۹۵۲ تقسیم ۷ کا باقی ماندہ)=صفر = جمعۃ المبارک برآمد ہوا۔

۴۔ اُوپر مذکور ہوچکا ہے کہ عبرانی سال ۴۳۳۰ خلیقہ مکبوس سال تھا لہٰذا اس کے بالمقابل قمریہ شمسی سال ۵۳ قبل ہجرت (عام الفیل ۱) بھی مکبوس سال تھا۔ قمریہ شمسی مکبوس سالوں میں تیرہواں زائد مہینہ عموماً قمریہ شمسی محرم کو مکرر لاکر ڈالا جاتا تھا۔ لیکن سال ۵۳ قبل ہجرت قمریہ شمسی کے محرم میں عربوں کو ابرہہ والیِ یمن کی جانب سے ذی الحجہ (۵۴ قبل ہجرت) قمریہ شمسی سے ہی شدید اور سنگین خطرہ لاحق ہوچکا تھا چنانچہ اگلے مہینے محرم قمریہ شمسی میں ابرہہ جنگی ہاتھیوں سمیت ایک لشکرِ جرار لے کر اور راستے میں مزاحمت کرنے والے بعض عرب سرداروں کو شکست دے کر مکہ مکرمہ پر حملہ آور ہونے اور بزعمِ خویش خانۂ کعبہ کو مسمار کرنے کے لئے مکہ مکرمہ سے قریب ایک مقام مغمس پر پہنچ گیا۔ ان حالات میں عربوں کے بنوکنانہ کے قلمس (ناسی) کے لئے یہ فیصلہ کرنا نہایت دشوار تھا کہ نسی والے محرم کا دورِ جاہلیت کے دستور کے مطابق قمریہ شمسی ذی الحجہ کے ایامِ حج میں اعلان کرے یا نہ کرے۔ اس غیر یقینی صورتِ حال کی بنا پر کبیسہ کا مہینہ محرم کو مکرر لاکر نہیں ڈالا گیا بلکہ اسے مؤخر کرکے بعد میں غالباً ذی الحجہ کو مکرر لاکر نسی کی یہ رسم پوری کی گئی، کیونکہ بعض محققین کے خیال کے مطابق اس مقصد کے لئے کبھی ذی الحجہ کو بھی مکرر لایا جاتا تھا۔ (۴)

مذکورہ بالا وضاحت کی روشنی میں سال ۵۶۹-۵۷۰ عیسوی جیولین کے بالمقابل قمریہ شمسی اور قمری تقویم کے ابتدائی مہینوں کی تقابلی تقویمی جدول یوں مرتب ہوگی:

عیسوی جیولین	دن	قبل ہجرت قمریہ شمسی	قبل ہجرت قمری	تاریخ قران	وقت قران
۳۰ اگست ۵۶۹ عیسوی	جمعہ	یکم محرم ۵۳ قبل ہجرت	یکم رجب ۵۵ قبل ہجرت	۲۸ اگست	۰۳:۴۵
۲۸ ستمبر	ہفتہ	یکم صفر	یکم شعبان	۲۶ ستمبر	۱۲:۵۳
۲۸ اکتوبر	پیر	یکم ربیع الاول	یکم رمضان	۲۵ اکتوبر	۲۲:۴۰
۲۶ نومبر	منگل	یکم ربیع الثانی	یکم شوال	۲۴ نومبر	۰۹:۳۱

(۵) تمام محدثین اور اہلِ سیر و مغازی کا اس پر اتفاق ہے کہ رسولِ اکرم ﷺ کی ولادت مبارکہ کا دن سوموار تھا۔ اس میں سلف وخلف میں سے کسی کا بھی اختلاف نہیں ہے اور اکثر اہلِ سیر و مغازی نے ولادت کا مہینہ ربیع الاول لکھا ہے۔ اگر کبیسہ کا مہینہ محرم کو مکرر لا کر ڈالا جائے تو یکم ربیع الاول قمریہ شمسی کے بالمقابل خالص قمری تقویم کا مہینہ شوال ہوگا۔ یکم شوال کو بمطابق جدول بالا دن منگل تھا لہٰذا سوموار کا دن ۷ شوال اور ۱۴ ر شوال کو ہوسکتا ہے۔ ۷ ر شوال کے بالمقابل عیسوی جیولین تاریخ ۲ ر دسمبر ۵۶۹ عیسوی اور ۱۴ ر شوال کے بالمقابل ۹ ر دسمبر ۵۶۹ عیسوی جیولین بنتی ہے۔ لیکن سلف وخلف میں سے کسی نے بھی ولادتِ مبارکہ کی تاریخ ۷ یا ۱۴ ر شوال بیان نہیں کی اور نہ ہی ۷ یا ۱۴ ر ربیع الاول کا کوئی قائل ہے۔ مشہور محقق مولانا عبدالقدوس ہاشمیؒ کی تقویم تاریخی کے ابتدائی صفحات میں ''چند یادگار تاریخیں'' کے عنوان کے تحت تاریخ ولادتِ مبارکہ بحساب کبیسہ (مکی کیلنڈر) ۹ دسمبر ۵۶۹ عیسوی جیولین موافق ۲۰ نیساں ۸۲۳۲ خلیقہ (یہودی) لکھی گئی ہے۔ حالانکہ عبرانی تقویم کا مہینہ نیساں کبھی بھی دسمبر کے مقابل نہیں ہوا کرتا۔ یہ ہمیشہ مارچ / اپریل کے مقابل ہوتا ہے اور ۵۶۹ عیسوی جیولین میں عبرانی سال ۴۳۳۰ خلیقہ تھا البتہ ۹ دسمبر ۵۶۹ عیسوی جیولین کو بحساب کبیسہ تاریخ ولادت قرار دینا یقیناً مستشرقین میں سے کسی کی تخریج ہے اور اس کا صحیح نہ ہونا مذکورہ بالا وضاحت کے مطابق ثابت ہو رہا ہے۔ ابرہہ کے حملے کی وجہ سے قلمس (ناسی) کے لئے ایامِ حج میں حسبِ دستور کبیسہ کے برسرِ عام اعلان کا فیصلہ دشوار تھا، اس لئے کبیسہ کا مہینہ بعد میں غالباً ذی الحجہ کو مکرر لا کر ڈالا گیا۔ الغرض ان دنوں مکہ مکرمہ میں قمریہ شمسی تقویم رائج تھی لہٰذا اہلِ سیر ربیع الاول کو ولادتِ باسعادت کا مہینہ قرار دینے میں حق بجانب ہیں۔ تاہم اسے غلطی سے خالص قمری تقویم کا ربیع الاول سمجھ لیا گیا۔ خالص قمری تقویم کے اعتبار سے ربیع الاول ۵۳ قبل ہجرت قمریہ شمسی کے مقابل قمری مہینہ رمضان المبارک ۵۵ قبلِ ہجرت قمری کا تھا، چنانچہ بعض متقدمین مثلاً زبیر بن بکار؟ نے بجا طور پر رمضان المبارک کو ہی ولادت کا مہینہ ٹھہرایا ہے (۵)

تاریخ ولادت کے متعلق علامہ ابن کثیر تحریر فرماتے ہیں'' ......وقیل لثمان خلون سنه

(ربیع الاول) حکاہ الحمیدی عن ابن حزم ورواہ مالک و عقیل ویونس بن یزید و غیرھم عن الزھری عن محمد بن جبیر بن مطعم و نقل ابن عبدالبرّ عن اصحاب التاریخ انھم صحّحوہ و قطع بہ الحافظ الکبیر محمد بن موسیٰ الخوارزمی و رجحہ الحافظ ابوالخطاب بن دحیہ فی کتابہ "التنویر فی مولد البشیر النذیر" (۶)"(ولادتِ مبارکہ کے متعلق) ۸ر ربیع الاول کا بھی قول ہے اسے حمیدی نے ابن حزم سے روایت کیا ہے اور اسی کی روایت مالک، عقیل اور یونس بن یزید وغیرہ نے زہری سے اور زہری نے محمد بن جبیر بن مطعم سے کی ہے۔ ابن عبدالبر سے منقول ہے کہ اصحابِ تاریخ نے اس قول کو صحیح قرار دیا ہے اور حافظ کبیر محمد بن موسیٰ الخوارزمی نے تو اسے قطعی صحیح قرار دیا ہے اور اسی قول کو حافظ ابوالخطاب بن دحیہ نے اپنی کتاب "التنویر فی مولد البشیر النذیر" میں ترجیح دی ہے"۔ شیخ عبدالحق محدث دہلویؒ فرماتے ہیں: "وقیل لثمان خلت سنۃ قال الشیخ قطب الدین العسقلانی وھو اختیار اکثر اھل الحدیث ونقل عن ابن عباس و جبیر بن مطعم و ھو اختیار اکثر من لہ معرفۃ بھٰذا الشأن واختارہ الحمیدی وشیخہ ابن حزم وحکی القاضی فی عیون المعارف اجماع اھل السیر علیہ ورواہ الزھری عن محمد بن جبیر بن مطعم وکان عارفاً بالنسب وایّام العرب (۷)"اور آٹھ (ربیع الاول) کا بھی قول ہے شیخ قطب الدین عسقلانی کے بقول اکثر محدثین نے اسی کو اختیار کیا ہے اور یہی قول ابن عباسؓ اور جبیر بن مطعمؓ سے منقول ہے اور اسے اُن لوگوں نے اختیار کیا ہے جنہیں اس طرح کے اُمور کی معرفت حاصل ہے اور اسی قول کو حمیدیؒ اور ان کے شیخ ابنِ حزمؒ نے اختیار کیا ہے اور قاضی نے عیون المعارف میں اس قول پر اہلِ سیر کا اجماع نقل کیا ہے اور اسی کی روایت زھری نے محمد بن جبیر بن مطعم سے کی ہے جو نسب اور ایامِ عرب کے ماہر تھے"۔

ابنِ حبیب بغدادی نے بھی تاریخِ ولادت ۸ر ربیع الاول ہی قرار دی ہے اور لکھا ہے کہ سالِ ولادت میں یکم محرم کو جمعے کا دن تھا۔ ابرہہ کا حملہ ۱۷ر محرم کو ہوا تھا اور اُس کے پچاس روز بعد رسولِ اکرم ﷺ کی ولادتِ مبارکہ ہوئی (۸) اور بقول ابن کثیرؒ مشہور ترین قول کے مطابق آپ ﷺ کی ولادت عام الفیل میں ابرہہ کے حملے کے پچاس دن بعد ہوئی تھی (۹)

۶۔ مذکورہ بالا جدول کو بغور دیکھئے واقعی یکم محرم ۵۳ قبلِ ہجرت قمریہ شمسی کو جمعے کا دن ہی تھا اور ۱۷ محرم سے ۵۰ دن شمار کریں تو ولادتِ مبارکہ کی تاریخ ٹھیک ۸ ربیع الاول ہی بنتی ہے۔ مذکورہ بالا جدول کے مطابق محرم کا مہینہ ۲۹ دن کا اور صفر کا مہینہ ۳۰ دن کا ہے۔ ۱۷ محرم سے ۲۹ محرم تک ۱۳ دن ہوئے، پھر

۳۰ دن صفر کے اور اس کے بعد ۷ دن ربیع الاول کے لئے جائیں تو دنوں کی کل تعداد (۱۳+۳۰+۷) =۵۰ دن بنتی ہے اور اس سے اگلی تاریخ ۸ر ربیع الاول ۵۳ قبلِ ہجرت قمریہ شمسی ہوئی۔ یکم ربیع الاول کو بمطابق جدول سوموار تھا لہٰذا ۸ ربیع الاول کو بھی دن سوموار ہی ہوا۔

۷۔ اکثر اہلِ سیر نے رسولِ اکرم ﷺ کی عمرِ مبارک ۶۳ سال قمری تقویم کے حساب سے سمجھ لی۔ ۶۳ قمری سالوں کے شمسی سال ۶۱ بنتے ہیں لہٰذا آپ کے عیسوی جیولین تقویم میں سالِ وفات ۶۳۲ عیسوی سے ۶۱ سال کم کرنے سے عیسوی سال (۶۳۲-۶۱) = ۵۷۱ عیسوی جیولین برآمد ہوا۔ ہم یکم جنوری ۵۷۱ عیسوی جیولین کے بالمقابل خالص قمری تقویم کے اعتبار سے قبلِ ہجرت تاریخ اُن تحویلی قواعد کے تحت برآمد کرتے ہیں جو مقالۂ ہٰذا کی پہلی قسط میں مذکور ہو چکے ہیں اور جن کی مدد سے ہم نے پہلے بھی مذکورہ بالا حسابی تخریجات کی ہیں۔

یکم جنوری ۵۷۱ عیسوی جیولین، (۵۷۱ تقسیم ء۹۷۰۲۰۴-۶۴۲ء۶۵۵۷)=-۵۴ء۱۱۹۶۹، (-ء۱۱۹۶۹ ×۱۲)=-۱ء۴۳۶۲۸، (۱۲-۱)=۱۱= ذی قعدہ، (-ء۴۳۶۲۸×۲۹ء۵+۳۰ء۵)=۱۷ء۶۳=۱۸ ذی قعدہ ۵۴ قبلِ ہجرت قمری، تاریخِ قران ۱۳ر دسمبر ۵۷۰ عیسوی جیولین بوقت ۱۲:۰۵، لہٰذا ۱۵ر دسمبر ۵۷۰ عیسوی کو یکم ذی قعدہ ۵۴ قبلِ ہجرت قمری ہوئی۔ ۱۵ر دسمبر ۵۷۰ عیسوی جیولین کا دن = (۵۶۹ × ۱ء۲۵ کا حاصلِ ضرب بحذف کسر + ۳۴۹)=۱۰۶۰، (۱۰۶۰ تقسیم ۷ کا باقی ماندہ)=۳=سوموار، اس خالص قبل ہجرت قمری تاریخ کا عیسوی جیولین سے تقابل کرتے ہوئے یکم ربیع الاول ۵۳ قبل ہجرت قمری تک جدول یوں مرتب ہوگی:

عیسوی جیولین	دن	قبلِ ہجرت قمری	تاریخِ قران	وقتِ قران
۱۵ر دسمبر ۵۷۰ عیسوی	سوموار	یکم ذی قعدہ ۵۴ قبل ہجرت	۱۳ر دسمبر ۵۷۰ عیسوی	۱۲:۰۵
۱۴ جنوری ۵۷۱ عیسوی	بدھ	یکم ذی الحجہ ۵۴ قبل ہجرت	۱۱ جنوری ۵۷۱ عیسوی	۲۲:۵۲
۱۲ فروری	جمعرات	یکم محرم ۵۳ قبل ہجرت	۱۰ر فروری	۰۹:۵۱
۱۴ مارچ	ہفتہ	یکم صفر ۵۳ قبل ہجرت	۱۱ مارچ	۲۱:۲۹
۱۲ر اپریل	اتوار	یکم ربیع الاول ۵۳ قبل ہجرت	۱۰ر اپریل	۱۰:۱۲

مذکورہ بالا جدول کی رُو سے یکم ربیع الاول ۵۳ قبل ہجرت قمری کو جیولین عیسوی تقویم کی تاریخ ۱۲ر اپریل ۵۷۱ عیسوی بروز اتوار تھی، لہٰذا ۹ر ربیع الاول ۵۳ قبلِ ہجرت قمری کو عیسوی تاریخ ۲۰ر اپریل ۵۷۱ عیسوی جیولین برآمد ہوئی۔ اگر اسے گریگورین تقویم میں لایا جائے تو تاریخ ۲۲ اپریل ۵۷۱ عیسوی گریگورین ہوئی۔ مصر کے ماہر فلکیات محمود پاشا فلکی نے عربوں کے دورِ جاہلیت کے دو تقویمی نظام کو بزعمِ

خویش خالص قمری تقویم کا نظام سمجھ لیا اور انہی کے اتباع میں علامہ شبلیؒ نے اپنی کتاب سیرۃ النبیؐ میں ولادتِ مبارکہ کی یہی تاریخ قرار دی اور قاضی محمد سلیمان سلمان منصور پوریؒ نے بھی اپنی کتاب رحمتہ للعالمینؐ میں اسی کو اختیار کیا اور اس کی بنیاد پر تمام حسابی تخریجات (Mathematical Calculations) پر نہایت محنت سے کام کیا۔ اللہ تعالیٰ ان تمام حضرات کو اجرِ عظیم عطا فرمائے اور سیرتِ طیبہ ﷺ کے توقیتی مباحث میں ان کی لغزشوں سے درگزر فرمائے۔ مذکورہ جدول سے واضح ہو رہا ہے کہ اگر دورِ جاہلیت سے چلی آنے والی عربوں کی قمریہ شمسی تقویم کو ناحق تسلیم نہ بھی کیا جائے تو خالص قمری تقویم کے تحت بھی ۱۲ر ربیع الاول ہرگز رسولِ اکرم ﷺ کا یومِ ولادت نہیں ہوسکتا۔ تاریخ قران ۱۰ر اپریل ۵۷۱ عیسوی جیولین بوقت ۱۲:۱۰ ہے، اس لئے ۱۱ر اپریل کو سورج غروب ہونے کے وقت تک چاند کی عمر ۳۳ گھنٹے کے قریب تھی، اگر بالفرض اتنی عمر کا چاند بھی نظر نہ آیا ہو تو بھی ۱۲ر ربیع الاول کو سوموار کا دن نہیں ہوسکتا۔ اس سے معلوم ہوا کہ کسی تاریخی جزیئے کے لوگوں میں مشہور ہوجانے سے اس کا صحیح ہونا لازم نہیں آتا۔ بعض اہلِ علم مشہور لغوی اور مشہور اصطلاحی میں فرق کو ملحوظ نہ رکھتے ہوئے ایسی خبروں کو متواتر قرار دینے یا ان پر اہلِ سیر و مغازی کے اجماع کا دعویٰ کر دینے میں جس عُجلت سے کام لیتے ہیں اس سے بعض اوقات بدعات و محدثات کے لئے راہ ہموار ہو جاتی ہے۔ تاہم کسی خبر کی شہرت بھی عموماً بلاوجہ نہیں ہوا کرتی۔ ۱۲ر ربیع الاول کی تاریخ کے مشہور ہونے کی وجہ یہ ہے کہ ہجرت کے موقع پر رسولِ اکرم ﷺ کا قبا میں ورود ۱۲ر ربیع الاول ۱ر ہجری (قمریہ شمسی) کو بروز سوموار ہوا۔ آپ ﷺ کی رحلت کی تاریخ بہ حساب مدنی رویت ہلال ۱۲ر ربیع الاول ۱۱ر ہجری قمری کا دن بھی سوموار تھا۔ اس لئے یہ سمجھ لیا گیا کہ آپ ﷺ کی ولادتِ مبارکہ کا مہینہ بھی ربیع الاول ہے اور ولادت کا دن بھی چونکہ سوموار ہی تھا لہٰذا ولادت کی تاریخ بھی ۱۲ر ربیع الاول ہی تھی، حالانکہ جس ربیع الاول میں آپ ﷺ کا انتقال ہوا وہ خالص قمری تقویم کا ربیع الاول ہے اور جس ربیع الاول میں آپ ﷺ نے ہجرت فرمائی وہ قمریہ شمسی تقویم کا ربیع الاول ہے۔ خالص قمری تقویم کے اعتبار سے تاریخ ۱۲ر جمادی الاولیٰ ۱ر ہجری قمری بروز سوموار ہے جبکہ ۱۲ر ربیع الاول ۱ر ہجری کو سوموار کا نہیں بلکہ جمعے کا دن برآمد ہوتا ہے، (۲×۲۹٫۵+۱۱) تقسیم ۳۵۴+۱=۱۹۷۷۴۰۱٫۱، (۱۹۷۷۴۰۱٫۱×۲۰۴۰۷۰۹۷٫+۶۲۱٫۵۶۹۲)=۶۲۲٫۷۳۱۲۵، (۶۲۲٫۷۳۱۲۵×۳۶۵)=۲۶۶٫۹=۲۶۷ =۲۴ ستمبر ۶۲۲ عیسوی جیولین، ۲۴ ستمبر ۶۲۲ عیسوی جیولین کا دن (۶۲۱×۳۶۵٫۲۵ کا حاصلِ ضرب بحذف کسر+۲۶۷)=۲۲۷۰۴۳ دن، (۲۲۷۰۴۳ تقسیم ۷ کا باقی ماندہ)=صفر= جمعتہ المبارک۔ نیز قمری تقویم کے حساب سے بھی دن جمعہ ہی برآمد ہوتا ہے۔ (۲×۵۳۰۵۸۸٫۱+۱۱) تقسیم ۷ کا باقی ماندہ=۰٫۰۶=صفر= جمعتہ المبارک۔

۸۔ عربوں کی دورِ جاہلیت سے چلی آنے والی قمریہ شمسی تقویم کا انکار نہیں کیا جاسکتا۔ مدنی دور کے توقیتی مباحث کے مطالعے کے بعد ایسا انکار سراسر ضد اور تعصب پر ہی مبنی ہوسکتا ہے۔ یہاں یاد دہانی کے لئے انصاف پسند طبائع کے لئے صرف تین واقعات کا تذکرہ ہی کافی ہوگا۔

(الف) نہایت مستند اور صحیح روایات سے ثابت ہے کہ حضرت ماریہ قبطیہ رضی اللہ عنہا کے بطن سے پیدا ہونے والے رسولِ اکرم ﷺ کے صاحبزادے حضرت ابراہیم بچپن میں شیر خوارگی کے زمانے میں ہی انتقال فرما گئے تھے اور ان کے یومِ انتقال پر سورج گرہن ہوا تھا (۱۰) اہل ہیئت کی تحقیق کے مطابق اس سورج گرہن کی عیسوی جیولین تاریخ ۲۷ جنوری ۶۳۲ عیسوی تھی (۱۱) جس کے بالمقابل خالص قمری تقویم کی تاریخ ۲۸ شوال ۱۰ ہجری قمری برآمد ہوتی ہے۔ ۲۷ جنوری ۶۳۲ عیسوی جیولین = (۲۶ تقسیم ۶۳۲+۳۶۶) تقسیم ۲۰۴۰۹۷ء-۲۶۵۲۶ء۰ ۲۴۰= ۸۳ء ۱۰ء، (۸۳ء×۱۲ = ۹۶ء۹، یعنی ۹ ماہ پورے ہوکر دسواں قمری مہینہ شوال کا چل رہا تھا، (۹۶ء×۵×۲۹ء) = ۲۸ء۳ = ۲۸ شوال ۱۰ ہجری قمری۔ ریاضی سے لاعلمی کی بنا پر اگر کسی کو ہماری ان تخریجات پر اعتبار نہ ہو تو مولانا عبدالقدوس ہاشمی کی ادارۂ تحقیقاتِ اسلامی کی طرف سے شائع کردہ ''تقویمِ تاریخی'' ملاحظہ کی جاسکتی ہے، اس میں یکم شوال ۱۰ ہجری کے مقابل عیسوی تاریخ ۳۱ دسمبر ۶۳۱ عیسوی جیولین دی گئی ہے، پس ۲۸ شوال ۱۰ ہجری کو عیسوی تاریخ ٹھیک ۲۷ جنوری ۶۳۲ عیسوی بنتی ہے (۱۲) ادارۂ ثقافتِ اسلامیہ کی طرف سے شائع کردہ ضیاء الدین لاہوری کی ''جوہرِ تقویم'' میں یکم جنوری ۶۳۲ عیسوی جیولین کے بالمقابل قمری تاریخ ۲ شوال ۱۰ ہجری دی گئی ہے۔ (۱۳) پس ۲۷ جنوری کو قمری تاریخ ۲۸ شوال ۱۰ ہجری قمری ہوئی۔ مولانا عبدالرحمٰن گیلانی نے اپنی کتاب ''الشمس والقمر بحسبان'' میں یکم شوال ۱۰ ہجری کے بالمقابل عیسوی تاریخ ۳ جنوری ۶۳۲ عیسوی گریگورین لکھی ہے (۱۴) پس ۲۸ شوال کو تاریخ ۳۰ جنوری ہوئی جو جیولین تقویم کے اعتبار سے ۲۷ جنوری بنتی ہے چنانچہ قاضی محمد سلیمان منصور پوریؒ نے ''رحمۃ اللعالمینؐ'' میں عیسوی تاریخ ۲۷/۳۰ جنوری ۶۳۲ عیسوی بیان کی ہے تاکہ جیولین اور گریگورین ہر دو تقاویم کی تواریخ سے لوگ باخبر ہوسکیں۔ (۱۵)۔

اہلِ سیر و مغازی کی مشہور روایات کے مطابق رسولِ اکرم ﷺ کے شیر خوار صاحبزادے حضرت ابراہیم کا انتقال کوئی سترہ اٹھارہ ماہ کی عمر میں ہوا تھا۔ ہم سترہ ماہ پیچھے جائیں تو اٹھارہویں مہینے میں حضرت ابراہیم کی ولادت کا مہینہ جمادی الاولیٰ ۹ ہجری قمری بنتا ہے، چنانچہ قاضی محمد سلیمان منصور پوریؒ نے بھی یہی مہینہ برآمد کیا ہے (۱۶) یکم جمادی الاولیٰ ۹ ہجری قمری کے بالمقابل عیسوی جیولین کی تاریخ

۱۶/اگست ۶۳۰ عیسوی جیولین برآمد ہوتی ہے۔ (۲۹٫۵×۴ تقسیم ۳۵۴+۹)×۹۷۰۲۰۴٫ +۵۶۹۲٫
۶۲۱ =۶۲۲۴۳٫۳ ، ۶۳۰٫۶۲۲۴۳ ، (۶۲۲۴۳٫×۳۶۵) =۲۲۷٫۹۱ =۲۲۸ دن =۱۶ اگست ۶۳۰ عیسوی جیولین،
چنانچہ تقویم تاریخی میں یکم جمادی الاولیٰ ۹ ہجری کے سامنے یہی عیسوی تاریخ لکھی ہے (۱۷) جوہرِ تقویم میں یکم اگست ۶۳۰ عیسوی کو قمری تاریخ ۲۵ ربیع الثانی ۹ ہجری اور یکم ستمبر ۶۳۰ عسیوی کو قمری تاریخ ا جمادی الاولیٰ ۹ ہجری دی گئی ہے۔ (۱۸) پس یکم جمادی الاولیٰ ۹ ہجری کو عیسوی تاریخ ۱۶ اگست ۶۳۰ عیسوی ہی بنتی ہے۔ الشمس والقمر بحسبان میں یکم جمادی الاولیٰ ۹ ہجری کے سامنے عیسوی تاریخ ۱۹ اگست ۶۳۰ عیسوی گریگورین دی گئی ہے جو جیولین تقویم کے اعتبار سے ۱۶/اگست ۶۳۰ عیسوی جیولین ہی بنتی ہے (۱۹) ادھر اہلِ سیر و مغازی نے حضرت ابراہیم بن محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی ولادت کا مہینہ ذی الحجہ ۸ ہجری اور وفات کا مہینہ ربیع الاول ۱۰/ہجری بیان کیا ہے۔ (۲۰)

تواریخ کے اس تفاوت پر قاضی منصور پوریؒ نے اہلِ سیر کی توقیت کو غلط قرار دیا ہے (۲۱) حالانکہ یہ سب کچھ دو تقویمی التباس ہے۔ عربوں میں دورِ جاہلیت سے چلی آنے والی قمریہ شمسی تقویم کے پہلے مہینے محرم کا آغاز یہودیوں کی عبرانی تقویم کی طرز پر اکثر و بیشتر ستمبر میں ہوا کرتا تھا۔ محرم کو ستمبر سے شمار کیا جائے تو ذی الحجہ کا مہینہ ٹھیک اگست میں ہی آئے گا۔ چونکہ قمریہ شمسی سال کی مدت شمسی سال کی مدت سے قریب ترین ہوتی ہے اس لئے جمادی الاولیٰ ۹ ہجری کے مقابل قمریہ شمسی تقویم کا مہینہ ذی الحجہ ۸ ہجری قمریہ شمسی ہوا، چنانچہ ہم نے مدنی دور کے سال ۸/ہجری قمریہ شمسی تقویم کے توقیتی مباحث میں جو تقابلی تقویمی جدول پیش کی تھی اس کا متعلقہ حصہ یوں ہے۔

عیسوی جیولین	دن	ہجری قمریہ شمسی	ہجری قمری	تاریخِ قران	وقتِ قران
۱۶ اگست ۶۳۰ عیسوی	جمعرات	یکم ذی الحجہ ۸/ہجری	یکم جمادی الاولیٰ ۹ ہجری	۱۴/اگست	۰۲:۰۶

(ب) تمام سیرت نگاروں نے غزوۂ تبوک کے لئے روانگی رجب ۹ ہجری اور مراجعت رمضان یا شوال ۹ ہجری کی لکھی ہے (۲۲) خالص قمری تقویم کے اعتبار سے یہ موسمِ سرما کے مہینے ہیں۔ یکم رجب ۹ ہجری = (۲۹٫۵×۶ تقسیم ۳۵۴+۹)× ۹۷۰۲۰۴٫ +۵۶۹۲٫۶۲۱ = ۷۸۶۱۳٫ ، ۶۳۰، (۷۸۶۱۳٫×۳۶۵) = ۲۸۶٫۹ = ۲۸۷ دن = ۱۴ اکتوبر ۶۳۰ عیسوی جیولین، ۱۴/اکتوبر ۶۳۰ عیسوی جیولین کا دن = (۶۲۹×۲۵٫۱ کا حاصل ضرب بحذف کسر + ۲۸۷) = ۱۰۷۳ دن، (۱۰۷۳ تقسیم ۷ کا باقی ماندہ) = ۲ = اتوار، غزوۂ تبوک کے لئے روانگی کا دن جمعرات کا ہے (۲۳) لہٰذا رجب ۹ ہجری کو خالص

قمری تقویم کا لینے سے ۱۸/اکتوبر ۶۳۰ عیسوی جیولین بروز جمعرات سے پہلے غزوے کے لئے روانگی ممکن نہیں۔ یکم رمضان ۹ ہجری = (۸×۵ء۲۹ تقسیم ۳۵۴+۹)۴۰۲۰۷+۵۶۹۲ء۶۲۱ = ۶۲۱ = ۹۴۷۸۳ء۶۳۰ (۳۶۵×۹۴۷۸۳ء) = ۹ء۳۴۵ = ۳۴۶ دن = ۱۲/دسمبر ۶۳۰ عیسوی جیولین، ان تخریجات کی تصدیق بھی تقویمِ تاریخی، جوہرِ تقویم اور الشمس والقمر بحسبان سے کی جاسکتی ہے۔ چنانچہ تقویمِ تاریخی میں یکم رجب ۹ ہجری کے سامنے عیسوی تاریخ ۱۴ اکتوبر ۶۳۰ عیسوی بروز یک شنبہ اور یکم رمضان ۹ ہجری کے سامنے ۱۲/ دسمبر ۶۳۰ عیسوی بروز چہارشنبہ درج ہے۔ (۲۴) جوہرِ تقویم میں یکم نومبر ۶۳۰ عیسوی کے بالمقابل قمری تاریخ ۱۹/رجب ۹ ہجری دی گئی ہے (۲۵) پس یکم رجب ۹ ہجری کو عیسوی تاریخ ۱۴/اکتوبر ۶۳۰ عیسوی ہی بنتی ہے۔ یکم جنوری ۶۳۱ عیسوی کے بالمقابل قمری تاریخ ۲۱ رمضان ۹ ہجری دی گئی ہے۔ (۲۶) یکم رمضان ۹ ہجری کے بالمقابل عیسوی تاریخ ۱۲ دسمبر ۶۳۰ عیسوی ہی برآمد ہوگی۔ الشمس والقمر بحبان میں یکم رجب ۹ ہجری کے بالمقابل گریگورین عیسوی تقویم کی تاریخ ۱۷/اکتوبر ۶۳۰ عیسوی اور اور یکم رمضان ۹ ہجری کے بالمقابل گریگورین تاریخ ۱۵/دسمبر ۶۳۰ عیسوی دی ہے۔ (۲۷) جیولین تقویم میں یہ تواریخ بالترتیب ۱۴/اکتوبر اور ۱۲/دسمبر ہی بنتی ہیں۔ ادھر غزوۂ تبوک کا موسم بالاتفاق سخت گرم تھا اور یہ قحط سالی کا زمانہ تھا، کھجور کی فصل پکنے کے مراحل میں تھی۔ اگر غزوۂ تبوک کے مبینہ قمری مہینوں کو خالص قمری تقویم کے مہینے قرار دیا جائے تو نہ تو مذکورہ بالا مہینے موسم گرما میں تھے اور نہ ہی مذکورہ قمری مہینوں کے بالمقابل مذکورہ عیسوی مہینوں میں کھجور کی فصل پک رہی ہوتی ہے اور نہ ہی یہ قحط اور خوراک کی قلت کا زمانہ ہوسکتا ہے کیونکہ اکتوبر کے مہینے سے پہلے ہی کھجور کی تازہ فصل گھروں میں آچکی ہوتی ہے۔ لیکن اگر عبرانی تقویم کے مطابق عربوں کے (قمریہ شمسی) محرم کا آغاز ستمبر سے کیا جائے تو رجب ۹ ہجری سے رمضان ۹ ہجری تک کے مہینے مارچ سے مئی تک موسم گرما ہی میں آتے ہیں اور یہی مہینے کھجور کی فصل کے پکنے کے ہیں۔

اُوپر مذکور ہو چکا ہے کہ یکم رجب ۹ ہجری قمری بمطابق ۱۴/اکتوبر ۶۳۰ عیسوی جیولین کو دن اتوار تھا۔ اہلِ سیر کی تصریح کے مطابق غزوۂ تبوک کے لئے روانگی جمعرات کو ہوئی تھی (۲۸) اگر غزوۂ تبوک کے ان مہینوں کو خالص قمری تقویم کے مہینے سمجھا جائے تو غزوے کے لئے روانگی ۵ رجب ۹ ہجری قمری بمطابق ۱۸/اکتوبر ۶۳۰ عیسوی جیولین بروز جمعرات سے پہلے ممکن ہی نہیں۔ سفر میں کم از کم پندرہ دن بھی صرف ہوئے ہوں تو تبوک میں اواخر رجب میں ہی پہنچنا ممکن تھا۔ اسی غزوے میں رسولِ اکرم ﷺ نے دومۃ الجندل کے والی اکیدر بن عبدالملک نصرانی کی جانب ایک سریہ حضرت خالدؓ بن ولید کی

زیرِ امارت روانہ فرمایا تھا یہ چاندنی راتیں تھیں جو شعبان ۹ ہجری قمری کی ہی ہو سکتی ہیں۔ ۱۴ر شعبان ۹ ہجری قمری کے بالمقابل عیسوی تاریخ ۲۵ نومبر ۶۳۰ عیسوی جیولین تھی (۱۳+۲۹ء۵×۷) تقسیم ۳۵۴+۹ =۶۲۰۰۵۶۴ء۹،(۶۲۰۰۵۶۴ء۹×۹۷۰۲۰۴ء+۵۶۹۲ء۶۲۱)=۹۰۲۶۱ء۶۳۰،(۹۰۲۶۱ء×۳۶۵) =۴۵ء۳۲۹=۳۲۹ دن=۲۵ نومبر ۶۳۰ عیسوی جیولین،۔ واقدی نے لکھا ہے فخرج خالد حتیٰ اذا کان من حضه بمنظر العين فی ليلة لقمرة صائغة ...... وصعد (ای اکیدر بن عبدالملک) علیٰ ظهر الحصن من الحّر۔ (۲۹) ''تو خالد (اکیدر نصرانی سے مقابلے کے لئے) نکلے یہاں تک کہ جب آپ موسم گرما کی ایک چاندنی رات میں اس کے قلعے سے اتنے فاصلے پر پہنچے جہاں سے قلعہ دکھائی دے رہا تھا...... اور (اکیدر) گرمی (کی شدت کی وجہ) سے قلعے کی چھت پر چڑھا ہوا تھا''۔ نومبر کے اواخر میں رات کے وقت ہرگز اتنی گرمی نہیں ہوتی کہ اس سے بچنے کے لئے مکان کی چھت پر جانا پڑے بلکہ اس موسم میں اتنی سردی ضرور ہوتی ہے کہ کمرے کے اندر بھی کمبل وغیرہ اوڑھنا پڑتا ہے۔ پس یہاں یہ تاویل کارگر نہیں ہو سکتی کہ غزوۂ تبوک گو اکتوبر اور نومبر کے مہینوں میں ہوا ہو لیکن ممکن ہے کہ دن کے وقت دھوپ کی شدت سے گرمی ہو۔ یہ تاویل اس لئے بھی لغو ہے کہ اہلِ سیر کی تصریح کے مطابق غزوے کے دنوں میں قحط سالی کا سا سماں تھا اور کھجور کی فصل کے پکنے کا منظر لوگوں کے لئے دلکش تھا (۳۰) کھجور کی فصل تو اکتوبر سے پہلے ہی گھروں میں آجاتی ہے پس غزوۂ تبوک کے قمری مہینے لامحالہ قمریہ شمسی تقویم کے مہینے تھے جس میں محرم قمریہ شمسی کا آغاز اواخر اگست/ستمبر سے ہوا کرتا تھا ورنہ بعض محققین مثلاً ڈاکٹر محمد حمید اللہ مرحوم کے خیال کے مطابق اس دور کی قمریہ شمسی تقویم میں محرم کا آغاز اپریل سے کیا جائے تو بھی رجب سے رمضان تک کے قمریہ شمسی مہینے موسم گرما میں نہیں آسکتے بلکہ یہ اکتوبر، نومبر اور دسمبر کے مقابل ہوں گے۔ ہم نے مدنی دور کے سال ۹ ہجری قمریہ شمسی کے لئے جو صحیح تقابلی تقویمی جدول پیش کی تھی اس کے کا متعلقہ حصہ یوں ہے:

عیسوی جیولین	دن	ہجری قمریہ شمسی	ہجری قمری	تاریخ قران	وقتِ قران
۱۱ مارچ ۶۳۱ عیسوی	سوموار	یکم رجب ۹ ہجری	یکم ذی الحجہ ۹ ہجری	۸ مارچ	۲۱:۴۸
۱۹ اپریل	منگل	یکم شعبان	یکم محرم ۱۰ ہجری	۷ اپریل	۱۴:۳۸
۹ مئی	جمعرات	یکم رمضان	یکم صفر	۷ مئی	۰۵:۵۰
۷ جون	جمعہ	یکم شوال	یکم ربیع الاول	۵ جون	۱۹:۰۸

مذکورہ بالا جدول سے واضح ہے کہ غزوۂ تبوک موسمِ گرما میں ہوا اور غزوۂ تبوک کے رجب

سے رمضان/شوال تک کے یہ مہینے قمریہ شمسی تقویم کے مہینے تھے۔

(ج) رسول اللہ ﷺ یکم ذی قعدہ ۶ ہجری بروز سوموار اپنے ساتھیوں کے ہمراہ عمرے کے لئے روانہ ہوئے آپ کا مقصد محض عمرہ کرنا تھا۔قریش سے چھیڑ چھاڑ یا جنگ ہرگز مقصود نہ تھی۔ (۳۱) حالانکہ حج کے مہینوں میں عمرہ کرنا قریش مکہ کے نزدیک سنگین گناہ تھا (۳۲) اس سے معلوم ہوا کہ عمرے کے لئے روانگی کی مذکورہ تاریخ خالص قمری تقویم کی ہوسکتی ہے اور یہ کہ قریش مکہ کی تقویم قمری نہیں بلکہ قمریہ شمسی تھی۔ہم یکم ذی قعدہ ۶ ہجری قمری کو عیسوی جیولین تقویم میں لاتے ہیں (۲۹٫۵×۱۰ تقسیم ۳۵۴ + ۶)×۰٫۹۷۰۲۰۴ + ۶۲۱٫۵۶۹۲ = ۶۲۸٫۱۹۸۹۲، (۰٫۱۹۸۹۲×۳۶۶) = ۷۲٫۸ = ۷۳ دن = ۱۳/ مارچ ۶۲۸ عیسوی جیولین، چنانچہ تقویم تاریخی میں بھی یہی تاریخ دی گئی ہے اور دن یک شنبہ لکھا ہے۔ (۳۳) مدینہ منورہ میں رویئت ہلال ایک دن مؤخر ہونے سے عیسوی تاریخ ۱۴ مارچ ۶۲۸ عیسوی جیولین بنتی ہے۔ جوہرِ تقویم میں یکم اپریل ۶۲۸ عیسوی کے مقابل قمری تاریخ ۲۰ ذی قعدہ ۶ ہجری دی گئی ہے (۳۴) پس یکم ذی قعدہ کو عیسوی تاریخ ۱۳/ مارچ ۶۲۸ عیسوی گریگورین ہوئی۔ ''اَلشمس والقمر بحسبان'' میں یکم ذی قعدہ ۶ ہجری کو عیسوی تاریخ ۱۶/ مارچ ۶۲۸ عیسوی گریگورین دی گوی ہے۔ (۳۵) جو جیولین تقویم میں ۱۳/ مارچ ۶۲۸ عیسوی جیولین ہی بنتی ہے۔اگر عبرانی تقویم کی طرز پر عربوں کی قمریہ شمسی تقویم کے محرم قمریہ شمسی کا آغاز ستمبر سے کیا جائے تو مارچ کا مہینہ رجب کے مقابل آتا ہے پس قریش مکہ کی تقویم قمریہ شمسی تھی اور ذی قعدہ ۶ ہجری قمری کے مقابل قمریہ شمسی تقویم کا مہینہ رجب ۶ ہجری تھا۔عرب عمرے کو حج اصغر اور ذی الحجہ (قمریہ شمسی) میں حج کو حج اکبر کہا کرتے تھے (۳۶) رجب کا مہینہ قریش مکہ اور دیگر عرب قبائل کے لئے عمرے کا مہینہ تھا (۳۷) رسولِ اکرم ﷺ نے عمرے کے لئے اس قمریہ شمسی مہینے کا انتخاب نہایت دانشمندی سے فرمایا۔البتہ اس کے بالمقابل خالص قمری تقویم کا مہینہ ذی قعدہ کا تھا۔ہم نے مدنی دور کے سال ۶ ہجری قمریہ شمسی کے لئے جو تقابلی تقویمی جدول پیش کی تھی اس کا متعلقہ حصہ یوں ہے۔

عیسوی جیولین	دن	ہجری قمریہ شمسی	ہجری قمری	تاریخ قران	وقتِ قران
۱۳ مارچ ۶۲۸ عیسوی	اتوار	یکم رجب ۶ ہجری	یکم ذی قعدہ ۶ ہجری	۱۱ مارچ	۱۷:۴۹

مدینہ منورہ میں چاند ایک دن بعد نظر آیا لہٰذا چاند کی پہلی تاریخ ۱۴/ مارچ ۶۲۸ عیسوی جیولین کو بروز سوموار ہوئی۔

۹۔تقویمِ تاریخی کے مؤلف مولانا عبدالقدوس ہاشمی، جوہرِ تقویم کے مرتب جناب ضیاء الدین لاہوری اور الشمس والقمر بحسبان کے مؤلف مولانا عبدالرحمٰن گیلانی، یہ سب حضرات اس دور کے عربوں میں دو تقویمی نظام کی موجودگی، قریش مکہ کی تقویم کے قمریہ شمسی ہونے اور پھر حجۃ الوداع کے موقع پر قمریہ شمسی تقویم کے منسوخ ہونے اور قمری تقویم کے بحال ہونے کے معترف ہیں۔(۳۸) تاہم ضیاء الدین لاہوری نے بعض دیگر حضرات کی طرح غلطی سے یہ سمجھ لیا کہ عربوں کے قمریہ شمسی محرم کا آغاز موسمِ بہار میں مارچ/اپریل میں ہوا کرتا تھا حالانکہ مدنی دور کے تمام حوادث اور واقعات کے توقیتی مطالعے سے اور مذکورہ بالا نمبر شمار (۸) کے مندرجات سے بھی بخوبی واضح ہے کہ قمریہ شمسی تقویم میں محرم قمریہ شمسی کا آغاز عبرانی تقویم کی طرز پر موسمِ خزاں میں اواخر اگست/ستمبر سے ہوا کرتا تھا۔ یہودیوں کی دورِ حاضر کی عبرانی تقویم کے مطالعے سے معلوم ہوجاتا ہے کہ عبرانی تقویم کا بنیادی ڈھانچہ اب بھی وہی ہے صرف چند دنوں کا فرق پڑا ہے اور آج کل اس تقویم کے پہلے مہینے تشری کا آغاز ۵ ستمبر سے ۵ اکتوبر کی عیسوی (گریگورین) تواریخ کے درمیان ہوتا ہے(۳۹) عیسائیوں کے رومی کیلنڈر میں بھی سال کے پہلے مہینے تشرینِ اوّل کا آغاز موسمِ خزاں میں یکم اکتوبر سے ہوا کرتا تھا۔(۴۰)

شارٹر انسائیکلوپیڈیا آف اسلام کے مؤلف نے بھی عربوں کی قمریہ شمسی تقویم کا آغاز موسمِ خزاں سے تسلیم کیا ہے جیسا کہ مذکورہ بالا انسائیکلوپیڈیا میں محرم اور رمضان وغیرہ قمری مہینوں پر دیئے گئے مضامین سے بخوبی واضح ہے۔ پس جن حضرات نے عربوں کے قمریہ شمسی محرم کو عیسوی اپریل کے مقابل سمجھتے ہوئے رسولِ اکرم ﷺ کی ولادتِ مبارکہ کا مہینہ جون قرار دیا ہے، اُن کا صریح غلطی پر ہونا مذکورہ بالا سطور سے بخوبی ثابت ہورہا ہے۔قبل ازیں یہ مذکور ہوچکا ہے کہ سال ۵۳ قبلِ ہجرت قمریہ شمسی ایک مکبوس سال تھا جس میں رسمِ نسی کے تحت سال میں کبیسہ (لیپ) کا تیرہواں مہینہ بڑھایا جاتا تھا۔ اگر کبیسہ کا یہ مہینہ محرم کو مکرّر لاکر ڈالا جائے اور محرم قمریہ شمسی کا آغاز اپریل سے کیا جائے تو ربیع الاول کا مہینہ جولائی کے مقابل ہوگا، چنانچہ ڈاکٹر محمد حمید اللہ مرحوم نے رسولِ اکرم ﷺ کا سالِ ولادت تو ۵۶۹ عیسوی جیولین صحیح برآمد کیا لیکن مہینہ جولائی کا سمجھ لیا جس کا غلط ہونا مذکورہ بالا توضیحات کی روشنی میں بالکل واضح ہے۔ ڈاکٹر صاحب اور بعض دیگر حضرات کے اس تسامح کی بڑی وجہ یہ ہے کہ انہوں نے مدنی دور کے تمام حوادث اور واقعات کی توقیت اور اہلِ سیر کی بیان کردہ موسمی صراحتوں اور ایامِ ہفتہ وغیرہ پر گہری نظر نہیں ڈالی اور صرف ولادتِ باسعادت اور دیگر ایک دو واقعات کو سامنے رکھا جس سے اصل حقیقت تک اُن کی رسائی نہ ہوسکی۔

۱۰۔ ہمارے علم کے مطابق ربیع الاول کی فضیلت میں صحیح تو کیا کوئی ضعیف بلکہ موضوع روایت تک بھی موجود نہیں ہے۔ مذکورہ دلائل کی بنا پر نہایت قطعیت سے معلوم ہوا کہ جس ربیع الاول میں رسولِ اکرم ﷺ کی ولادتِ مبارکہ ہوئی وہ ہرگز ہرگز قمری تقویم کا نہیں بلکہ قمریہ شمسی تقویم کا ربیع الاول تھا اور اس قمریہ شمسی (نسی والی) تقویم کے سلسلے میں رسم نسی کو قرآن کریم میں کفر (کے کاموں) میں (ایک اور) اضافہ قرار دیا گیا ہے۔ (۴۱) ولادتِ مبارکہ کے سال میں اس ربیع الاول قمریہ شمسی کے مقابل خالص قمری تقویم کا مہینہ رمضان المبارک تھا۔ خطبۂ حجۃ الوداع میں رسولِ اکرم ﷺ نے قمریہ شمسی تقویم کو ہمیشہ کے لئے منسوخ فرما دیا، لہٰذا ربیع الاول میں محافل میلاد برپا کرنے کا کوئی عقلی و شرعی جواز نہیں کہ آپ کی وفات کے مہینے اور دن ۱۲؍ربیع الاول کو (معاذ اللہ) لوگوں کے لئے خوشی اور مسرت کا مہینہ قرار دیا جائے۔ ہر شخص کو گروہی و مسلکی تعصبات سے بالاتر ہوکر روشن حقائق کو کھلے دل سے تسلیم کر لینا چاہئے اسی میں دنیا اور آخرت کی بھلائی مضمر ہے، وما علینا الّا البلاغ المُبین۔

الغرض رسولِ اکرم ﷺ کا انتقال بالاتفاق ربیع الاول قمری میں ہوا لیکن ولادت اور ہجرت کا ربیع الاول قمری نہیں بلکہ قمریہ شمسی ہے۔

۱۱۔ اختلافِ مطالع کی بنا پر قمری تواریخ میں ایک دن کا فرق ممکن ہے بلکہ بسا اوقات ایک ہی مطلع والے علاقے میں بھی گرد و غبار اور مطلع ابر آلود ہونے وغیرہ جیسی وجوہات کی بنا پر رویتِ ہلال میں ایک دن کا فرق پڑ جاتا ہے، لہٰذا رسولِ اکرم ﷺ کی ولادتِ مبارکہ کی قمری تاریخ ۸؍رمضان المبارک ۵۵ قبلِ ہجرت کا پورے کرّۂ ارض پر چسپاں ہونا ضروری نہیں۔

۱۲۔ رسولِ اکرم ﷺ کی عیسوی جیولین کے مطابق تاریخِ ولادت ۴ نومبر ۵۶۹ عیسوی جیولین بروز سوموار اور تاریخِ وفات ۸؍جون ۶۳۲ عیسوی جیولین بروز سوموار ہے۔ شمسی اور قمریہ شمسی سالوں کے اعتبار سے آپ کی عمرِ مبارک ۶۲ سال ۷؍ماہ اور پانچ دن بنتی ہے جسے بعض سیرت نگاروں نے ساڑھے باسٹھ سال اور اکثر سیرت نگاروں نے بہ تکمیل کسر ۶۳ برس قرار دیا۔ ۶۳ شمسی اور قمریہ شمسی سالوں کے قمری سال ۶۵ ہوتے ہیں، اس لئے ساڑھے باسٹھ، تریسٹھ اور پینسٹھ برس کے اقوال مشہور ہو گئے۔ (۴۲) ساٹھ یا اکسٹھ سال کے اقوال اہلِ علم کے نزدیک ناقابلِ التفات ہیں۔ اگرچہ آپ کی ولادت کا قمری مہینہ رمضان المبارک ہے لیکن قمری سال کا آغاز محرم سے ہوتا ہے لہٰذا ولادتِ مبارکہ کے لحاظ سے سن میلادی قمری کا آغاز گزشتہ محرم سے کیا جائے گا۔ جیسا کہ آئندہ سطور سے واضح ہوگا کہ سال ۵۵ قبلِ ہجرت قمری

میں یکم محرم کے مقابل عیسوی تاریخ ۶ / مارچ ۵۶۹ عیسوی جیولین تھی لہٰذا سن میلادی قمری کا آغاز یکم محرم میلادی قمری بمطابق ۶ مارچ ۵۶۹ عیسوی جیولین سے ہوا۔

سنِ میلادی نبوی

جیسا کہ اُوپر واضح ہو چکا ہے رسولِ اکرم ﷺ کی ولادتِ مبارکہ کی قبلِ ہجرت قمری تقویم میں تاریخ ۸ / رمضان المبارک ۵۵ قبلِ ہجرت بروز سوموار ہے اور عیسوی جیولین تاریخ ۴ / نومبر ۵۶۹ عیسوی جیولین بروز سوموار ہے۔ قبلِ ہجرت قمری سال کو ۵۶ سے تفریق کرنے سے سال میلادی قمری اور سال میلادی قمری کو ۵۶ سے تفریق کرنے سے سال قبلِ ہجرت قمری برآمد ہوگا چنانچہ ۵۵ قبلِ ہجرت قمری (۵۶-۵۵) = ۱ / میلادی قمری ہوا، اور ۱ / میلادی قمری (۵۶-۱) = ۵۵ قبلِ ہجرت قمری ہوا۔ ہجرت کے بعد سال ۱ / ہجری ۵۶ ویں میلادی قمری کے مقابل ہے۔

سال میلادی قمری کی عیسوی جیولین میں تحویل

۸ / رمضان المبارک ۱ / میلادی قمری = ۴ نومبر ۵۶۹ عیسوی جیولین ہے۔ قمری سال کی اوسط مدت ۳۵۴٫۳۶۷۰۶ دن اور جیولین عیسوی سال کی اوسط مدت ۳۶۵٫۲۵ دن ہے (۴۳) ظاہر ہے کہ قمری سالوں کو عیسوی سالوں میں لانے کے لئے قمری سالوں کو ۳۵۴٫۳۶۷۰۶ سے ضرب دینے سے جو قمری ایام برآمد ہوں گے انہیں عیسوی سالوں میں لانے کے لئے ۳۶۵٫۲۵ پر تقسیم کرنا ہوگا (۳۵۴٫۳۶۷۰۶ تقسیم ۳۶۵٫۲۵) = ۰٫۹۷۰۲۰۴ ہے۔ بالفاظِ دیگر ہم قمری سالوں کو ۰٫۹۷۰۲۰۴ سے ضرب دیں گے تو حاصلِ ضرب سے عیسوی سال برآمد ہوں گے۔ اس مقصد کے لئے ہم بغرضِ سہولت رواں قمری سال لیں گے۔ چنانچہ سن میلادی قمری کے پہلے رواں سال ۱ میلادی قمری کو ۰٫۹۷۰۲۰۴ سے ضرب دینے سے حاصل ضرب ۰٫۹۷۰۲۰۴ ہی رہے گا۔ ہم یہاں یکم محرم میں تاریخ ''یکم'' کو نظر انداز کر رہے ہیں اس لئے ۸ رمضان المبارک ۱ / میلادی قمری سے ہم ایک دن کم کرتے ہوئے ۷ رمضان ۱ / میلادی قمری کو اعشاری تحویل میں لائیں گے۔ رمضان سے پہلے آٹھ قمری مہینے گزر چکے ہیں جب قمری سال ۳۵۴٫۳۶۷۰۶ دن کا ہوا تو قمری مہینے کی اوسط مدت (۳۵۴٫۳۶۷۰۶ تقسیم ۱۲) = ۲۹٫۵۳۰۵۸۸ دن ہوئی، یوں آٹھ قمری مہینوں کے (۲۹٫۵۳۰۵۸۸×۸) = ۲۳۶٫۲۴۴۷ دن ہوئے ان میں رمضان کے سات دن شامل کئے تو دونوں کی کل تعداد ۲۴۳٫۲۴۴۷ دن ہوئی، انہیں قمری سالوں میں لانے کے لئے انہیں ۳۵۴٫۳۶۷۰۶ پر تقسیم

کرکے ان کے ساتھ رواں میلادی قمری سال ''۱'' کو بھی ملایا تو ۷ رمضان ۱ میلادی قمری کی اعشاری قدر (۲۴۴۷ء۲۴۳ تقسیم ۳۶۷۰۶ء۳۵۴ +۱) =۶۸۶۴۲۰۱ء۱ قمری سال برآمد ہوئی۔ اسے عیسوی تقویم میں لانے کے لئے ۹۷۰۲۰۴ء سے ضرب دینے سے حاصلِ ضرب (۶۸۶۴۲۰۱ء۱×۹۷۰۲۰۴ء) = ۶۳۶۱۷۱۵ء۱ برآمد ہوا۔ اب اس میں ایسی حسابی قدر جمع ہوگی جس سے ۴ نومبر ۵۶۹ عیسوی جیولین کی تاریخ برآمد ہوسکے، بالفاظِ دیگر ہم ۴ نومبر ۵۶۹ عیسوی جیولین کو اعشاری تحویل میں لاکر اس سے ۶۳۶۱۷۱۵ء۱ کو تفریق کریں گے تو مطلوبہ قدر (*Value*) برآمد ہوگی۔ ۴ نومبر تک دنوں کی تعداد ۳۰۸ دن بنتی ہے، انہیں سالوں میں لانے کے لئے ۳۶۵ء۲۵ پر تقسیم کرکے رواں عیسوی سال ۵۶۹ عیسوی کو شامل کرنے سے ۴ نومبر ۵۶۹ عیسوی جیولین کی اعشاری تحویل (۳۰۸ تقسیم ۳۶۵ء۲۵ + ۵۶۹) = ۵۶۹ء۸۴۳۲۵ برآمد ہوگی، چنانچہ مطلوبہ قدر (۵۶۹ء۸۴۳۲۵ - ۶۳۶۱۷۱۵ء۱) = ۵۶۸ء۲۰۷۰۸ برآمد ہوگی اسے ۵۶۸ء۲۰۷۱ سمجھ لیا جائے۔ پس اگر رواں قمری سال کو ۹۷۰۲۰۴ء سے ضرب دے کر اس میں ۵۶۸ء۲۰۷۱ کو جمع کیا جائے تو حاصل جمع سے برآمد ہونے والے صحیح اعداد عیسوی جیولین سال کو ظاہر کریں گے۔ اگر عیسوی سال عام سال ہو تو صحیح اعداد کے ساتھ والی کسر اعشاریہ کو ۳۶۵ سے ضرب دیں گے اور اگر عیسوی سال لیپ کا سال ہو تو ۳۶۶ سے ضرب دیں گے۔ حاصلِ ضرب سے رواں عیسوی سال کے ایام ظاہر ہوں گے۔ یکم جنوری سے دنوں کو شمار کرکے رواں عیسوی مہینہ اور تاریخ برآمد کی جائے گی۔ یعنی میلادی قمری کو عیسوی جیولین میں لانے کا یہ کلیہ برآمد ہوا: (رواں سال میلادی قمری×۹۷۰۲۰۴ء+۵۶۸ء۲۰۷۱) = عیسوی جیولین۔ اب ہم چند مثالیں پیش کرتے ہیں، ان سے جو نتائج حاصل ہوں گے ہم بغرضِ اطمینان ان کی پڑتال متعلقہ تاریخ قِران اور وقتِ قِران سے کریں گے۔ اس پڑتال میں ایک دن سے زیادہ کا فرق نہیں نکلنا چاہئے۔ ہم مذکورہ بالا برآمد شدہ کلیے کے عملی اطلاق میں عام عیسوی سال ۳۶۵ دن کا اور لیپ کا عیسوی سال ۳۶۶ دن کا لیں گے۔ قمری سال ۳۵۴ دن کا اور قمری مہینہ ۲۹ء۵ دن کا لیں گے:۔

۱۔ مثلاً ہم یکم محرم ۱ میلادی قمری کو عیسوی جیولین تقویم میں لانا چاہتے ہیں (۱×۹۷۰۲۰۴ء +۵۶۸ء۲۰۷۱) =۵۶۹ء۱۷۷۳، عیسوی سال ۵۶۹ عیسوی جیولین ہوا۔ کسر اعشاریہ کو ۳۶۵ سے ضرب دینے سے (۱۷۷۳ء×۳۶۵) = ۶۴ء۷۱ دن حاصل ہوئے۔ چونکہ کسر اعشاریہ یہاں نصف سے زائد ہے اس لئے اسے پورا دن شمار کرتے ہوئے دنوں کی تعداد ۶۵ ہوئی۔ یکم جنوری سے دنوں کو شمار کرنے سے ۶۵ واں دن ۶ مارچ ۵۶۹ عیسوی جیولین برآمد ہوا۔ بغداد کے معیاری وقت کے مطابق برطانوی رصدگاہ گرین

وچ کے جاری کردہ اوقاتِ قِران کے مطابق تاریخ قِران ۳/ مارچ ۵۶۹ عیسوی جیولین بوقت ۲۲:۱۲ ہے۔ ۴ مارچ کو غروبِ شمس کے وقت تک چاند کی عمر ۲۰/ گھنٹے سے کم تھی لہٰذا چاند ۵/ مارچ کو سورج غروب ہونے کے وقت نظر آیا اور چاند کی پہلی تاریخ ۶/ مارچ ۵۶۹ عیسوی جیولین کے مقابل ہوئی یعنی یہ سن میلادی قمری کے آغاز کی عیسوی جیولین تاریخ ہے۔ اور وقتِ قِران کی روشنی میں ہماری یہ تخریج درست ہے۔

۲۔ مثلاً ہمیں ۲۳/ رمضان ۴۱ میلادی قمری کی عیسوی جیولین تقویم میں تحویل مطلوب ہے۔ (۸×۲۹ء۵+۲۲) تقسیم ۳۵۴+۴۱=۴۱ء۷۲۸۸۱۳، (۴۱ء۷۲۸۸۱۳×ء۹۷۰۲۰۴+۵۶۸ء۲۰۷۱) =۶۰۸ء۶۹۲۵۶، ۶۰۸، (ء۶۹۲۵۶×۳۶۶)=۲۵۳ء۴=۲۵۳ دن، =۹ ستمبر ۶۰۸ عیسوی جیولین کیونکہ لیپ سال ۶۰۸ عیسوی کا ۲۵۳ واں دن ۹/ ستمبر برآمد ہوتا ہے۔ تاریخِ قِران ۱۶/ اگست ۶۰۸ عیسوی بوقت ۱۱:۰۳ ہے لہٰذا ۱۸/ اگست کو یکم رمضان ہوئی اور ۹/ ستمبر کو قمری تاریخ ۲۳ رمضان ہوئی۔ پس ہماری مذکورہ بالا تخریج درست ہے۔

اگر سال میلادی قمری کو ۵۶ سے تفریق کیا جائے تو یہ قبلِ ہجرت قمری سال میں بدل جائے گا یوں قبل ہجرت قمری سالوں کو عیسوی جیولین میں تبدیل کرنے سے بھی کام بن جائے گا اور اس کے قواعد ہم مقالہ ہٰذا کی پہلی قسط میں اور میطونی تحویلات آٹھویں قسط میں واضح کر چکے ہیں، چنانچہ یکم محرم ۱ میلادی قمری = یکم محرم ۵۵ قبل ہجرت ہوا۔ پہلی قسط میں بیان کردہ قواعد تحویل کے مطابق یکم محرم ۵۵ قبل ہجرت کو عیسوی جیولین میں یوں لایا جائے گا (-۵۵×ء۹۷۰۲۰۴+۶۲۲ء۵۳۹۷) =۵۶۹ء۱۷۸۴۸، (ء۱۷۸۴۸×۳۶۵)=۶۵ء۱۴=۶۵ دن =۶/ مارچ ۵۶۹ عیسوی جیولین، اسی طرح ۲۳/ رمضان المبارک ۴۱ میلادی قمری =(۵۶-۴۱)=۲۳/ رمضان ۱۵ قبل ہجرت، اسے عیسوی جیولین میں یوں لایا جائے گا (۸×۲۹ء۵+۲۲) تقسیم ۳۵۴-۱۵=-۱۴ء۲۷۱۱۸۷، (-۱۴ء۲۷۱۱۸۷×ء۹۷۰۲۰۴+۶۲۲ء۵۳۹۷)=۶۰۸ء۹۳۷۴، (ء۶۹۳۷۴×۳۶۶)=۲۵۳ء۹=۲۵۴ دن =۱۰/ ستمبر ۶۰۸ عیسوی جیولین، یہاں ایک دن کا فرق پڑا ہے اصل تاریخ ۹/ ستمبر ہے۔ منفی سمت کی بجائے مثبت سمت میں وضع کردہ مذکورہ کلیہ نسبتاً آسان ہے۔

جیولین عیسوی تقویم کی میلادی قمری میں تحویل

۴/ نومبر ۵۶۹ عیسوی جیولین =۸/ رمضان المبارک ۵۵ قبل ہجرت قمری، ہم ان قواعد میں یکم جنوری کی تاریخ ''یکم'' کو نظر انداز کریں گے لہٰذا ۴ نومبر ۵۶۹ عیسوی کی بجائے ہم ۳/ نومبر ۵۶۹ عیسوی

جیولین کو اعشاری تحویل میں لائیں گے (۳ نومبر تک ۳۰۷ دن تقسیم ۳۶۵ء۲۵ + ۵۶۹) = ۸۴۰۵۲. ۵۶۹ ہم نے قمری تقویم کو عیسوی میں بدلنے کے لئے رواں قمری سال کو ۹۷۰۲۰۴ء سے ضرب دی تھی پس ظاہر ہے کہ ہم عیسوی سال کو قمری سال میں بدلنے کے لئے اسے ۹۷۰۲۰۴ء پر تقسیم کریں گے (۸۴۰۵۲ء ۵۶۹ تقسیم ۹۷۰۲۰۴ء) = ۵۸۷ء۳۴۰۹۳، اب ہم نے اس میں سے ایسی حسابی قدر تفریق کرنی ہے کہ حاصل تفریق سے ۸ رمضان المبارک ۱ میلادی قمری کی اعشاری تحویل برآمد ہو۔ ۸ رمضان المبارک ۱ میلادی قمری کی اعشاری تحویل = (۸×۲۹ء۵۳۰۵۸۸ + ۸) تقسیم ۳۵۴ء۳۶۷۰۶ + ۱ = ۱ء۶۸۹۲۴۲ پس مطلوبہ حسابی قدر = (۵۸۷ء۳۴۰۹۳ - ۱ء۶۸۹۲۴۲) = ۵۸۵ء۶۵۱۶۹، اسے ۵۸۵ء۶۵۱۷ سمجھ لیا جائے۔ پس اگر رواں عیسوی سال کو ۹۷۰۲۰۴ء پر تقسیم کر کے حاصلِ قسمت سے ۵۸۵ء۶۵۱۷ کو تفریق کیا جائے تو حاصلِ تفریق سے ظاہر ہونے والے صحیح اعداد مطلوبہ میلادی قمری سال کو ظاہر کریں گے۔ سالوں کے ساتھ والی کسر اعشاریہ کو ۱۲/ سے ضرب دینے سے حاصلِ ضرب کے صحیح اعداد گزشتہ قمری مہینوں کو ظاہر کریں گے۔ مہینوں کے ساتھ والی کسر اعشاریہ کو ۲۹ء۵ سے ضرب دینے سے رواں قمری تاریخ برآمد ہوگی یعنی کلیّہ یوں برآمد ہوا (رواں عیسوی سال تقسیم ۹۷۰۲۰۴ء - ۵۸۵ء۶۵۱۷) = میلادی قمری، اب ہم چند مثالوں سے اس کی مزید وضاحت کریں گے۔ اس کلیے کے عملی اطلاق میں ہم عام عیسوی سال ۳۶۵ دن کا اور لیپ کا عیسوی سال ۳۶۶ دن کا لیں گے اور قمری سال ۳۵۴ دن کا اور قمری مہینہ ۲۹ء۵ دن کا لیں گے۔

۱۔ مثلاً ہمیں ۶ مارچ ۵۶۹ عیسوی جیولین کی میلادی قمری تقویم میں تحویل مطلوب ہے۔ ہم ۶/ مارچ کی بجائے ۵ مارچ کی تاریخ لیں گے۔ (۶۴ تقسیم ۳۶۵ + ۵۶۹) تقسیم ۹۷۰۲۰۴ء - ۵۸۵ء۶۵۱۷ = ۱ء۰۰۳۶۲، (۰۰۳۶۲ء×۱۲) ۰۴۳۴۴ء ٹ یعنی ابھی کوئی قمری مہینہ نہیں گزرا بلکہ پہلا مہینہ محرم کا رواں ہے، (۰۴۳۴۴ء×۲۹ء۵) = ۱ء۲۸ = یکم محرم ۱/ میلادی قمری۔

۲۔ مثلاً ہمیں ۹/ ستمبر ۶۰۸ عیسوی جیولین کو میلادی قمری تقویم میں لانا مطلوب ہے، (۲۵۲ تقسیم ۳۶۶ + ۶۰۸) تقسیم ۹۷۰۲۰۴ء - ۵۸۵ء۶۵۱۷ = ۴۱ء۷۳۰۲۹، (۷۳۰۲۹ء×۱۲) = ۸ء۷۶۳۴۸، یعنی آٹھ ماہ گزر کر نواں مہینہ رمضان المبارک کا چل رہا تھا، (۷۶۳۴۸ء×۲۹ء۵) = ۲۲ء۵۲ = ۲۳/ رمضان المبارک ۴۱/ میلادی قمری۔

۳۔ مثلاً ہمیں یکم جنوری ۵۹۴ عیسوی جیولین کو میلادی قمری تقویم میں لانا مطلوب ہے۔

(۵۹۴ تقسیم ء۹۷۰۲۰۴ - ۵۸۵ء۶۵۱۷) = ۲۶ء۵۹۰۶۷، (ء۵۹۰۶۷ × ۱۲) = ۷ء۰۸۸۰۴،

یعنی سات ماہ گزر چکے تھے اور آٹھواں قمری مہینہ شعبان کا رواں تھا، (ء۰۸۸۰۴ × ۲۹ء۵) = ۲ء۵۹ = ۳ شعبان ۲۶ میلادی قمری، تاریخ قران ۲۸ دسمبر ۵۹۳ عیسوی جیولین بوقت ۲۱:۱۷ ہے لہٰذا چاند کی پہلی تاریخ ۳۰ دسمبر کو ہوئی اور یکم جنوری کو قمری تاریخ ۳ ہوئی پس ہماری مذکورہ بالا تخریج درست ہے۔

قبل ازیں مذکور ہو چکا ہے کہ اگر میلادی قمری سال کو ۵۶ سے تفریق کیا جائے تو وہ قبل ہجرت قمری سال میں بدل جاتا ہے۔(۱) اسی طرح قبل ہجرت قمری سال کو ۵۶ سے تفریق کیا جائے تو وہ میلادی قمری میں بدل جاتا ہے۔ پس عیسوی جیولین تقویم کو میلادی قمری میں لانے کا دوسرا طریقہ یہ ہے کہ عیسوی جیولین کو قبل ہجرت قمری تقویم میں لایا جائے اور پھر قبل ہجرت قمری تقویم کو ۵۶ سے تفریق کر کے اسے میلادی قمری میں تبدیل کیا جائے۔ جیولین عیسوی تقویم کو قبل ہجرت قمری تقویم میں بدلنے کے قواعد اعشاری نظام کے تحت ہم نے مقالہ ہٰذا کی پہلی قسط میں مع امثلہ تفصیل سے بیان کر دیئے تھے۔ اعشاری نظام کے ان قواعدِ تحویل کے تحت مذکورہ بالا تینوں مثالوں میں حسابی عمل یوں جاری ہوگا۔

(۱) ۶ مارچ ۵۶۹ عیسوی جیولین = (۶۴ تقسیم ۳۶۵ + ۵۶۹) تقسیم ء۹۷۰۲۰۴ - ۶۴۲ء۶۵۵۷ = -۵۶ء۰۰۰۳۸، (-ء۰۰۰۳۸ × ۱۲) = -ء۰۰۴۵۶، پس مثبت سمت میں قمری مہینہ (۱۲-۰) = ۱۲ = ذی الحجہ، (-ء۰۰۴۵۶ × ۲۹۶ء۵ × ۳۹ء۵ + ۳۰ء۵) = ۳۰ء۳۶ = ۳۰ ذی الحجہ ۵۶ قبل ہجرت، یہاں ایک دن کا فرق پڑا ہے، اصل تاریخ یکم محرم ۵۵ قبل ہجرت ہے۔ اب ۵۵ کو ۵۶ سے تفریق کرنے سے میلادی قمری تاریخ یکم محرم ۱ میلادی قمری برآمد ہوئی جو ۶ مارچ ۵۶۹ عیسوی جیولین کے مقابل ہے۔

(۲) ۹ ستمبر ۶۰۸ عیسوی جیولین = (۲۵۲ تقسیم ۳۶۶ + ۶۰۸) تقسیم ء۹۷۰۲۰۴ - ۶۴۲ء۶۵۵۷ = -۱۵ء۲۷۳۷۱، (-ء۲۷۳۷۱ × ۱۲) = -۳ء۲۸۴۵۲، پس مثبت سمت میں قمری مہینہ (۱۲-۳) = ۹ = رمضان المبارک، (-ء۲۸۴۵۲ × ۲۹ء۵ + ۳۰ء۵) = ۲۲ء۱ = ۲۲ رمضان ۱۵ قبل ہجرت قمری، یہاں بھی ایک دن کا فرق پڑا ہے اصل تاریخ ۲۳ رمضان ۱۵ قبل ہجرت قمری ہے۔ اب ۱۵ کو ۵۶ سے تفریق کیا تو میلادی قمری تاریخ ۲۳ رمضان ۴۱ میلادی قمری برآمد ہوئی۔

(۳) یکم جنوری ۵۹۴ عیسوی جیولین = (۵۹۴ تقسیم ء۹۷۰۲۰۴ - ۶۴۲ء۶۵۵۷) = -۳۰ء۴۱۳۳۳، (-ء۴۱۳۳۳ × ۱۲) = -۴ء۹۵۹۹۶، پس مثبت سمت میں قمری مہینہ (۱۲-۴) = ۸ = شعبان، (-ء۹۵۹۹۶ × ۲۹ء۵ + ۳۰ء۵) = ۲ء۱۸ = ۲ رشعبان ۳۰ قبل ہجرت قمری، یہاں بھی ایک دن کا

فرق پڑا ہے۔ اصل تاریخ ۳ر شعبان ۳۰ قبل ہجرت قمری ہے۔ اب ۳۰ کو ۵۶ سے تفریق کیا تو میلادی قمری تقویم میں تاریخ ۳ شعبان ۲۶ میلادی قمری برآمد ہوئی۔

چونکہ عیسوی جیولین تقویم کو قبل ہجرت قمری تقویم میں لاکر اسے میلادی قمری میں بدلنا قدرے پیچیدہ ہے لہٰذا عیسوی جیولین کو میلادی قمری میں لانے کے لئے مذکورہ بالا کلیہ وضع کیا گیا ہے اور مکی دور کے واقعات کے توقیتی مطالعے میں اسی نئے کلیے سے کام لیا گیا ہے۔

میلادی قمری کو عیسوی جیولین میں اور عیسوی جیولین کو میلادی قمری میں تبدیل کرنے کے لئے اعشاری نظام کے تحت قواعدِ تحویل وضع کئے جا چکے۔ اس مقصد کے لے ۱۹ر سالہ میطونی دور کے اعتبار سے بھی جداول تیار کی جاسکتی ہیں لیکن انہیں یہاں اس لئے نظر انداز کیا جارہا ہے کہ قمری تقویم میں شرعی استناد صرف ہجری تقویم ہی کو حاصل ہے لہٰذا اصولاً مثبت سمت میں ہجری تقویم کی طرح قبل ہجرت زمانے کے لئے قبل ہجرت قمری تقویم ہی مستعمل ہونی چاہئے لیکن منفی سمت میں چونکہ تقویمی حساب عوام الناس کے لئے قدرے مشکل اور پیچیدہ ہوتا ہے اس لئے سیرت نگاروں نے رسولِ اکرم ﷺ کی قبل ہجرت حیاتِ طیبہ کے زمانے کو بغرض سہولت دو ادوار میں تقسیم کر کے سن میلادی قمری اور سن نبوی قمری کا اجرا کیا۔ ولادتِ باسعادت سے بعثت تک مدت کا شمار میلادی قمری یا سن ولادت کے نام اور عنوان سے کیا جاتا ہے اور بعثت کے بعد ہجرتِ مدینہ تک کے دور کو نبوی قمری یا سن نبوت کے عنوان کے تحت لایا جاتا ہے۔ سن نبوت کو زیرِ بحث لانے سے پہلے سب سے پہلی وحی کے نزول اور پھر فترتِ وحی اور دوبارہ نزولِ وحی کے زمانے کا تعین کرنا ہوگا۔

پہلی وحی کے نزول کی تاریخ

مشہور ترین قول کے مطابق رسولِ اکرم ﷺ پر غارِ حرا میں سب سے پہلی وحی کا نزول ہوا تو اُس وقت آپ کی عمرِ مبارک چالیس برس تھی۔ اس قول کے خلاف ایسے کوئی بھی قوی قرائن اور دلائل موجود نہیں کہ اسے معتبر قرار نہ دیا جاسکے بلکہ دیگر قرائن سے بھی اس قول کی تصدیق وتائید ہوتی ہے۔ قرآن کریم میں سورۂ بقرۃ کی متعلقہ آیت سے ثابت ہے کہ قرآن کریم کا نزول رمضان المبارک کے مہینے میں ہوا تھا اور تیسویں پارے کی سورۃ القدر سے ثابت ہے کہ قرآن کریم لیلۃ القدر میں اُتارا گیا (۴۴) یہاں بظاہر یہ احتمال بھی موجود ہے کہ اس سے قرآن کریم کا آسمانِ دنیا پر نزول مراد ہو اور مفسرین نے حضرت عبداللہ بن عباسؓ سے اسی مفہوم کی روایت کی ہے کہ قرآن کریم رمضان کی لیلۃ القدر میں آسمانِ دنیا پر بیت العزت

میں یک بارگی اُتارا گیا وہاں سے تھوڑا تھوڑا رسولِ اکرم ﷺ پر نازل ہوتا رہا (۴۵) لیکن اس سے اس کی نفی نہیں ہوتی کہ غارِ حرا میں پہلی وحی کا نزول بھی رمضان میں ہوا ہو بلکہ اس کی تائید بعض مرفوع روایات سے بھی ہوتی ہے جو آئندہ سطور میں اپنے مقام پر مذکور ہوں گی۔ اگر کسی صحابیؓ کا قول ایسا ہو جو مدرک بالقیاس ہو یعنی جس کے متعلق یہ احتمال موجود ہو کہ صحابی نے اپنے طور پر اس کا استنباط کیا ہے تو اگر ایسا قول کسی مرفوع حدیث کے خلاف ہو اور تطبیق کی صورت نظر نہ آئے تو مرفوع حدیث کو ترجیح حاصل ہوگی اور صحابی کے قول کو ان کی ذاتی رائے پر محمول کیا جائے گا کیونکہ حضرات صحابۂ کرامؓ فرداً فرداً معصوم عن الخطاء نہیں ہیں۔ نزولِ قرآن سے متعلق قرآنی آیات کا متبادر الی الفہم (آسانی سے اور فوراً سمجھ میں آنے والا) مفہوم یہی ہے کہ ان سے دنیا میں پہلی وحی کا نزول بھی مراد ہے اور عام لسانی محاورات میں جز پر کل کا اطلاق کر دیا جاتا ہے اور جو مفہوم متبادر الی الفہم ہو اور اس کے خلاف قوی دلائل اور قرائن موجود نہ ہوں تو اُسے صحیح تسلیم کیا جائے گا گو اس کا صحیح ہونا یقینِ قطعی کے درجے تک نہ بھی پہنچے بلکہ اس کی صحت گمانِ غالب کی بنا پر ظنی ہو۔ مضبوط تاریخی شواہد اور ناقابل تردید حسابی عقلی دلائل کی بنا پر رسولِ اکرم ﷺ کی ولادتِ مبارکہ کے مہینے اور دن کے تعین کو اگر انتہائی احتیاط کی بنا پر تعینِ قطعی کا درجہ نہ بھی دیا جائے اور دلائل کو ظنی قرار دینے پر اصرار کیا جائے تو بھی اس سے مجالِ انکار نہیں کہ ان دلائل کی صحت ایسے اعلیٰ درجے کی ہے جو تعینِ قطعی کے قریب پہنچ جاتی ہے۔ آج کل کے محاورے کے مطابق ہم کہہ سکتے ہیں کہ یہ دلائل ۹ء۹۹ فی صد صحیح ہیں۔ تاہم نزولِ وحی کی توقیت پر لائے جانے والے زیرِ نظر دلائل کوئی ۹۰ فی صد صحیح دکھائی دیتے ہیں۔

ہمیں یہ تو معلوم ہی ہے کہ قریش مکہ کی تقویم قمری نہیں بلکہ قمریہ شمسی تھی اور ہم یہ بھی واضح کر چکے ہیں کہ جس ربیع الاول میں رسول اللہ ﷺ کی ولادت ہوئی وہ قمریہ شمسی تقویم کا ربیع الاول تھا لیکن سیرت نگاروں نے اسے خالص قمری تقویم کا ربیع الاول سمجھا اور چالیس سال پورے ہونے پر اکتالیسویں سال کے ربیع الاول کو بعض حضرات نے پہلی وحی کے نزول کا مہینہ سمجھ لیا حالانکہ قرآنِ کریم سے اور بعض دیگر متعلقہ روایات سے اس کی نفی ہوتی ہے۔ جب ولادتِ باسعادت کا ربیع الاول قمری تقویم کا تھا ہی نہیں تو اسے قمری تقویم کا شمار کرتے ہوئے بعد کے اہم واقعات کے لئے سالوں اور مہینوں کی جو تعیین کی گئی ہے وہ یقیناً محلِ نظر ہے لہٰذا نزولِ وحی کے لئے ربیع الاول کا قول مرجوح اور غیر معتبر ہے۔ قمریہ شمسی تقویم نسی پر مبنی تھی اور رسمِ نسی کو اللہ تعالیٰ نے سورۂ توبہ میں کفر (کے کاموں) میں اضافہ قرار دیا ہے (۴۶) اسی لئے حجۃ الوداع کے موقع پر رسمِ نسی پر مبنی قمریہ شمسی تقویم کو ہمیشہ کے لئے منسوخ کر کے

خالص قمری تقویم کو ہی بحال رکھا گیا لہٰذا قرآنِ کریم میں جس رمضان میں نزولِ قرآن کی خبر دی گئی ہے وہ ہرگز قمریہ شمسی تقویم کا نہیں ہوسکتا بلکہ خالص قمری تقویم کا ہی ہونا چاہئے۔ جب نزولِ وحی کا مہینہ خالص قمری تقویم کا ہے تو نزولِ وحی کا سال بھی خالص قمری تقویم کا ہی ہونا چاہئے۔ قمریہ شمسی سال نہایت ہی معمولی فرق کے ساتھ شمسی سال کے برابر ہوتا ہے۔ قمریہ شمسی تقویم میں ۱۹/سالہ دور ۲۲۸ قمری مہینوں کے بجائے نسی کے سات مہینے شامل کر کے ۲۳۵ قمری مہینوں کا ہوتا ہے۔ ۲۳۵ قمری مہینوں کی دنوں میں مدت (۲۹٫۵۳۰۵۸۸ x ۲۳۵) = ۶۹۳۹٫۶۸۸۱ دن بنتی ہے انہیں ۱۹/ پر تقسیم کرنے سے قمریہ شمسی سال کی مدت ۳۶۵٫۲۴۶۷۴ دن برآمد ہوتی ہے جو جیولین عیسوی سال کی اوسط مدت ۳۶۵٫۲۵ دنوں سے بقدر ۰٫۰۰۰۳۲۶ دن یعنی (۰٫۰۰۰۳۲۶ x ۲۴ x ۶۰) = ۴٫۶۹ یا تقریباً پانچ منٹ کم ہے۔ خالص قمری سال کی دنوں میں اوسط مدت ۳۵۴٫۳۶۷۰۶ دن ہوتی ہے (۴۷) لہٰذا کوئی ساڑھے بتیس شمسی و قمریہ شمسی سالوں میں قمری سالوں کی مدت میں ایک سال کا اضافہ ہوجاتا ہے۔ اس لئے ۳۹ قمریہ شمسی سالوں کے مقابل قمری سال ۳۹ نہیں بلکہ ۴۰ ہوں گے۔ قرآنِ کریم میں سورۂ احقاف میں چالیس سال تک کی عمر تک پہنچنے والے نیک لوگوں کے متعلق ارشاد ہے حتیٰ اذا بلغ اشدہ وبلغ اربعین سنۃ قال رب اوزعنی ان اشکر نعمتک الّتی انعمت علیّ و علیٰ والدیّ وان اعمل صالحا ترضاہ واصلح لی فی ذریّتی انی تبتُ الیک وانیّ من المسلمین ۝ (۱/۴۸) ''یہاں تک کہ جب وہ اپنی پختگی کو پہنچتا اور چالیس سال کا ہوجاتا ہے تو کہتا ہے اے میرے ربّ تو مجھے اس کی توفیق عطا فرما کہ تو نے مجھ پر اور میرے والدین پر جو احسانات کئے ہیں میں اُن کا شکر ادا کروں اور ایسے کام کروں جن سے تو راضی ہو اور میری اولاد میں بہتری پیدا فرما، بے شک میں نے تیری طرف رجوع کیا اور بے شک میں (تیرے) فرماں برداروں میں سے ہوں''۔ اس سے بھی معلوم ہوتا ہے کہ نزولِ وحی تک رسولِ اکرم ﷺ کی عمرِ مبارک چالیس ہوچکی تھی۔ رسولِ اکرم ﷺ کی ولادتِ مبارکہ کا عیسوی سال ۵۶۹ عیسوی جیولین ہے ۳۹ شمسی سالوں میں قمری سال ۴۰ ہوئے لہٰذا نزولِ وحی کا عیسوی سال (۵۶۹ + ۳۹) = ۶۰۸ عیسوی جیولین اور قمری سال ۴۱ میلادی قمری ہوا۔

ہم میلادی قمری تقویم کے متعلق قواعدِ تحویل بیان کرچکے ہیں۔ یکم رمضان المبارک ۴۱ میلادی قمری کے مقابل عیسوی جیولین تقویم کی تاریخ یوں برآمد ہوگی، (۲۹٫۵ x ۸ تقسیم ۳۵۴ + ۴۱) x۰٫۹۷۰۲۰۴ + ۵۶۸٫۲۰۷۱ = ۶۰۸٫۶۳۲۲۶، (۰٫۶۳۲۲۶ x ۳۶۶) = ۲۳۱٫۴ = ۲۳۱ دن = ۱۸/

اگست ۶۰۸ عیسوی جیولین، ۱۸/اگست ۶۰۸ عیسوی جیولین کا دن = (۶۰۷ × ۲۵ء۱ کا حاصل ضرب بحذف کسر + ۲۳۱) = ۹۸۹، (۹۸۹ تقسیم ۷ کا باقی ماندہ) = ۲ = اتوار، یعنی یکم رمضان المبارک کے مقابل عیسوی تاریخ ۱۸/اگست ۶۰۸ عیسوی اور دن اتوار برآمد ہوا۔ اس میں کسی کا بھی اختلاف نہیں کہ رسولِ اکرم ﷺ پر سب سے پہلی وحی کے نزول کا دن سوموار تھا۔ (۲/۴۸) مذکورہ حساب سے سوموار کا دن رمضان المبارک ۴۱ میلادی قمری میں ۲، ۹، ۱۶، ۲۳، اور ۳۰/تواریخ کو بنتا ہے جبکہ قمری تواریخ کا حساب رویئتِ ہلال کی بنا پر کیا جائے۔ اگر رویئتِ ہلال کی بجائے طلوعِ ہلال (ولادتِ قمر) کی تاریخ اور وقت یعنی قِران شمس وقمر کی تاریخ اور وقت کو ملحوظ رکھا جائے تو یکم رمضان ۱۸/اگست کی بجائے ۱۷/اگست کے مقابل ہوگی اور دن اتوار کی بجائے سنیچر ہوگا یوں سوموار کا دن ۳، ۱۰، ۱۷، ۲۴ تواریخ کو برآمد ہوگا کیونکہ تاریخِ قِران ۱۶/اگست ۶۰۸ عیسوی جیولین بوقت ۱۱:۰۳ ہے۔ بعض روایات میں لیلۃ القدر میں نزولِ قرآن کی تاریخ ۱۷، اور ۲۴ رمضان المبارک آئی ہے۔ ۱۷/رمضان کی رات کو لیلۃ القدر قرار دینے کی ایک دلیل یہ بھی دی جاتی ہے کہ غزوۂ بدر کے دن کو اللہ تعالیٰ نے سورۂ انفال میں یوم الفرقان قرار دیا ہے (۴۹) اور فرقان سے بقول اُن کے یہاں قرآنِ کریم مراد ہے۔ غزوۂ بدر کی رات ۱۷/رمضان ۲/ہجری کی رات تھی لہٰذا بقول ان حضرات کے یہی لیلۃ القدر ہے، لیکن ہمارے نزدیک یہ استدلال کمزور ہے کیونکہ فرقان سے قرآنِ کریم کے علاوہ بھی کوئی حسی یا علمی معجزہ یا اسبابِ عامہ کے تحت حق و باطل میں فرق کر دینے والا کوئی بھی واقعہ مراد ہوسکتا ہے۔ غزوۂ بدر میں رسول اللہ ﷺ سے متعدد معجزات کا ظہور بھی ہوا تھا۔ اور اس میں اللہ تعالیٰ کی طرف سے ملائکہ کا نزول بھی ہوا تھا نیز ناموافق حالات میں بھی مسلمانوں کو زبردست کامیابی اور کفار ومشرکین کو زبردست ہزیمت بھی ہوئی تھی لہٰذا ضروری نہیں کہ یہاں فرقان سے لازماً صرف قرآنِ کریم ہی مراد ہو۔ اس استدلال کے کمزور ہونے کی دوسری نہایت قوی وجہ یہ بھی ہے کہ ہم مدنی دور کے مباحث میں ناقابل تردید دلائل سے ثابت کر چکے ہیں کہ غزوۂ بدر کا رمضان ہرگز قمری رمضان نہیں تھا بلکہ یہ قمریہ شمسی رمضان تھا جبکہ لیلۃ القدر کا رمضان قمری ہی ہوسکتا ہے۔ البتہ ۱۷ رمضان اور ۲۴ رمضان والی روایات میں تطبیق کی مناسب صورت یوں نظر آتی ہے کہ بعض روایات کے مطابق رسول اکرم ﷺ پر پہلی وحی کا نزول عالم بیداری میں نہیں بلکہ عالمِ خواب میں ہوا تھا (۵۰) ۱۷/رمضان کی وحی کو وحی منامی اور پھر ۲۴ رمضان کی وحی کو وحی یقظانی (بیداری کی وحی) پر محمول کیا جاسکتا ہے۔ وحی یقظانی کے ۲۴ رمضان سے متعلق ہونے پر دلیل یہ بھی ہے کہ احادیثِ صحیحہ کی رُو سے لیلۃ القدر کو

رمضان کی آخری دس راتوں میں تلاش کرنا چاہئے اور ان میں بھی طاق راتوں میں اس کا احتمال زیادہ ہے۔قبل ازیں مذکور ہو چکا ہے کہ ۹ ستمبر ۶۰۸ عیسوی جیولین کو بلحاظ طلوعِ ہلال (ولادتِ قمر) تاریخ ۲۴ رمضان اور بلحاظِ رویتِ ہلال ۲۳ رمضان تھی۔رمضان میں نزولِ قرآن کے اعتبار سے ۱۷ر رمضان اور ۲۴ رمضان والی روایات ہی موجود ہیں۔۱۷ر رمضان والی روایت واقدی نے اپنی سند کے ساتھ امام باقرؒ سے روایت کی ہے جبکہ ۲۴ رمضان والی روایت مرفوع ہے یعنی رسولِ اکرم ﷺ نے فرمایا: حضرت ابراہیمؑ کے صحیفے رمضان کی پہلی رات کو نازل کئے گئے۔تورات چھ رمضان کو نازل ہوئی اور انجیل تیرہ رمضان کو نازل ہوئی اور قرآن ۲۴ رمضان کو نازل کیا گیا۔اسی طرح کی ایک مرفوع روایت ابن مردویہ نے بھی اپنی تفسیر میں حضرت جابرؓ بن عبداللہ سے روایت کی ہے(۱/ ۵۱) اگر یہاں یہ تاویل کی جائے کہ ۲۴ رمضان کو قرآن کا نزول صرف آسمان دنیا پر ہوا تھا اور وہاں سے نجماً نجماً (تھوڑا تھوڑا کر کے) رسولِ اکرم ﷺ پر نازل ہوتا رہا، تو یہ تاویل اس لئے مرجوح ہے کہ دیگر آسمانی کتب وصحائف کا نزول متعلقہ پیغمبروں پر یک بارگی ہوا تو جب یہ کہا جائے کہ تورات ۶ر رمضان کو نازل ہوئی تھی تو اس سے ذہن تورات کے دنیا میں نزول کی جانب ہی منتقل ہوتا ہے۔اگر سابقہ آسمانی کتب دنیا میں رمضان میں نازل ہوئیں تو قرآنِ کریم کہیں زیادہ اس کا مستحق ہے کہ اس کے نزول کی ابتدا بھی رمضان المبارک کے مقدس مہینے میں ہی ہو۔چونکہ رمضان کی ۲۴ تاریخ کو نزولِ قرآن کی یہ روایت مرفوع ہے لہٰذا ربیع الاول کے تمام اقوال مرجوح ہیں اور ان کا ناقابلِ اعتماد ہونا آئندہ مباحث سے بھی واضح ہو جائے گا۔

الغرض مذکورہ بالا بحث سے یہ واضح ہو رہا ہے کہ رسولِ اکرم ﷺ پر قرآنِ کریم کے نزول کی ابتدا بلحاظِ طلوعِ ہلال ۲۴ر رمضان المبارک ۴۱ میلادی قمری اور بلحاظِ رویتِ ہلال ۲۳ رمضان المبارک ۴۱ میلادی قمری بروز سوموار ہوئی۔عیسوی جیولین تقویم میں تاریخ ۹ ستمبر ۶۰۸ عیسوی جیولین بنتی ہے۔اس پر جو اشکالات وارد ہوتے ہیں انہیں فرداً فرداً زیرِ بحث لایا جاتا ہے۔

۱۔لیلۃ القدر پر بحث

پہلا اشکال لیلۃ القدر کے حوالے سے وارد ہوتا ہے کہ اگر ۲۴ رمضان کی رات نزولِ قرآن کے لئے متعین ہے تو احادیث میں لیلۃ القدر کے متعلق اختلاف نہیں ہونا چاہئے تھا کیونکہ یہ بات تو بالاتفاق مسلّم ہے کہ قرآنِ کریم کا نزول رمضان کے مہینے میں لیلۃ القدر میں ہوا تھا لہٰذا لیلۃ القدر ہر سال

۲۴ رمضان کو ہونی چاہئے۔ اس اشکال کا جواب یہ ہے کہ جس سال قرآن کا نزول شروع ہوا اُس سال لیلۃ القدر اتفاقاً ۲۴ رمضان کو واقع ہوئی، ہر سال میں ایسا ہونا ضروری نہیں۔ اسی لئے احادیث میں لیلۃ القدر کے متعلق مختلف روایات ہیں۔ علامہ ابن کثیرؒ لکھتے ہیں کہ'' کہا گیا ہے کہ یہ رمضان کی پہلی رات ہے اور یہ قول بھی ہے کہ یہ ۱۷ ررمضان کو ہوتی ہے اور یہ امام شافعیؒ کا قول ہے اور حسن بصریؒ سے اس کی یہ توجیہ منقول ہے کہ یہ لیلۃ البدر ہے۔ غزوۂ بدر ۱۷ رمضان کو ہوا تھا اور اس دن کو اللہ تعالیٰ نے یوم الفرقان فرمایا ہے۔ ایک قول ۱۹ ررمضان کا ہے جو حضرت علیؓ اور حضرت عبداللہؓ بن مسعود کی جانب منسوب ہے اور حضرت ابوسعید خدریؓ سے مروی ایک حدیث کی بنا پر ۲۱ رمضان کا بھی قول ہے...... امام شافعیؒ صحیحین میں موجود ابوسعید خدریؓ کی اس روایت کو سب سے زیادہ صحیح قرار دیتے ہیں اور ۲۳ رمضان کا بھی قول ہے۔ امام بخاریؒ نے حضرت عبداللہ بن عباسؓ سے حدیث نقل کی ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ'' اسے رمضان کی آخری دس راتوں میں تلاش کرو جب ۹ راتیں باقی رہ گئی ہوں، سات راتیں باقی رہ گئی ہوں، پانچ راتیں باقی رہ گئی ہوں'' اکثر علماء نے اس سے طاق راتیں مراد لی ہیں اور کچھ حضرات نے اس سے جفت راتیں مراد لی ہیں۔ ۲۷ رمضان کا بھی قول ہے جیسا کہ امام مسلمؒ نے اپنی صحیح میں حضرت ابی بن کعب سے رسول اللہ ﷺ کا قول نقل کیا ہے کہ یہ ۲۷ رمضان کی رات ہے۔ امام احمدؒ نے زِرّ بن حُبیش سے روایت بیان کی ہے کہ میں نے حضرت ابی بن کعبؓ سے عرض کیا تھا، اے ابوالمنذر! تیرے بھائی عبداللہؓ بن مسعود کا یہ کہنا ہے کہ جو شخص سال بھر قیام کرے گا وہ لیلۃ القدر کو پالے گا، اس پر حضرت ابیؓ بن کعب نے کہا، اللہ اُن پر رحم فرمائے انہیں معلوم ہے کہ لیلۃ القدر رمضان ہی میں ہوتی ہے اور وہ ستائیسویں رات ہے پھر اُنہوں نے اس پر قسم کھائی۔ میں نے عرض کیا کہ آپ اسے کیسے پہچانتے ہیں تو اُنہوں نے فرمایا کہ اس علامت اور نشانی کی بنا پر جس کی ہمیں رسول اللہ ﷺ نے خبر دی، اُس دن سورج یوں طلوع ہوتا ہے کہ اُس کی شعاع نہیں ہوتی۔ چنانچہ سلف میں سے بعض حضرات کا یہی قول ہے اور امام احمد بن حنبلؒ کی بھی یہی رائے ہے اور ایک روایت کے مطابق امام ابوحنیفہؒ کا قول بھی یہی ہے۔ ایک قول ۲۹ رمضان کا بھی ہے۔ امام احمد بن حنبلؒ نے حضرت عبادہؓ بن صامت سے حدیث نقل کی ہے کہ انہوں نے رسول اللہ ﷺ سے لیلۃ القدر کے بارے میں پوچھا تو آپؐ نے فرمایا کہ اسے رمضان کی آخری دس راتوں میں تلاش کرو کیونکہ یہ ۲۱ یا ۲۳ یا ۲۵ یا ۲۷ یا ۲۹ کی طاق راتوں میں یا آخری رات میں ہوتی ہے۔ حضرت ابو ہریرہؓ نے رسول اکرم ﷺ سے روایت کی ہے یہ ۲۷ یا ۲۹ رمضان کی رات ہے۔ (۲/۵۱)

نیز علامہ ابنِ کثیرؒ نے ۲۴ رمضان کو نزولِ قرآن کی رات ہونے کے بارے میں امام احمد بن حنبلؒ کی حضرت واثلہ بن الاسقع سے اور ابن مردویہ کی حضرت جابرؓ بن عبداللہ سے مروی مرفوع احادیث کا ذکر کرنے کے بعد لکھا ہے کہ اسی لئے صحابۂ کرامؓ اور تابعین کی ایک جماعت اس طرف گئی ہے کہ لیلۃ القدر ۲۴ رمضان کی رات ہے۔(۵۲)

بنگلہ دیش کے ایک نامور عالم دین مولانا محمد ابوالحسن اپنی کتاب ''تنظیم الاشتات لحل عویصات المشکوٰۃ'' میں لیلۃ القدر کے متعلق تحریر فرماتے ہیں کہ شب قدر کی تعیین کے متعلق علماً میں بقول حافظ ابن حجرؒ شدید اختلاف ہے جس کی بنا پر چالیس سے زیادہ اقوال حاصل ہوتے ہیں لیکن یہاں بعض مشہور اقوال کا ہی ذکر کیا جائے گا چنانچہ ابن مسعودؓ، ابن عباسؓ و عکرمہؒ وغیرہ سے مروی ہے کہ لیلۃ القدر تمام سال کے اندر کوئی ایک رات ہوتی ہے حنفیہ کا مشہور قول بھی یہی ہے جیسا کہ حنفی علماً قاضی خاں اور ابوبکر رازی وغیرہ نے اس کا ذکر کیا ہے۔ ابنِ عمرؓ کے نزدیک لیلۃ القدر رمضان کے ساتھ خاص ہے لیکن اس کا اس کی تمام راتوں میں پایا جانا ممکن ہے۔ حضرت زیدؓ بن ارقم کے نزدیک لیلۃ القدر ۱۷ رمضان کو ہوتی ہے، ۲۳ رمضان کا بھی قول ہے اور اس کے متعلق متعدد روایات بھی ہیں۔ ۲۴ رمضان کا بھی قول ہے جو ابن مسعودؓ، شعبی، حسن اور قتادہ سے مروی ہے۔ ۲۷ رمضان کا بھی قول ہے جس پر حضرت ابیؓ بن کعب نے قسم کھائی ہے۔ یہی قول امام احمدؒ کا اور ایک روایت کے مطابق امام ابوحنیفہؒ کا بھی ہے اور مشہور قول کے مطابق لیلۃ القدر رمضان کی آخری اور خصوصاً طاق راتوں میں ہے جیسا کہ امام بخاریؒ نے حضرت عائشہؓ سے روایت کی ہے کہ اسے رمضان کی آخری دس راتوں میں سے طاق راتوں میں تلاش کرو(۵۳)

علامہ ابنِ کثیرؒ نے بھی لکھا ہے کہ حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ اور کوفے میں ان کے شاگرد حضرات کے نزدیک لیلۃ القدر سال بھر میں کسی بھی رات میں ہوسکتی ہے۔(۵۴)

مذکورہ بالا روایات میں غور کرنے سے یہ بخوبی واضح ہوجاتا ہے کہ لیلۃ القدر کوئی معیّن رات نہیں بلکہ یہ تغیر پذیر ہوتی ہے۔ نزولِ قرآن کے سال میں بمطابق مرفوع روایات نزول کی رات ۲۴ رمضان المبارک کی رات تھی لہٰذا اس سال لیلۃ القدر کی یہی تاریخ تھی۔ اگر ہر سال کے لئے لیلۃ القدر کی یہی تاریخ ہوا کرتی تو اس میں اختلاف کی سرے سے گنجائش ہی نہ رہتی پس جو حضرات اس رات کے متعین ہونے کے قائل ہیں اُن کی رائے مرجوح ہے۔ حضرت امام شافعیؒ کی لیلۃ القدر کے متعین ہونے پر دلیل یہ ہے کہ صحیح بخاری میں حضرت عبادہؓ بن صامت کی روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ہمیں لیلۃ القدر کے متعلق

مطلع کرنے کے لئے نکلے تو مسلمانوں میں سے دو مسلمانوں کا اس رات کے بارے میں جھگڑا چل رہا تھا۔ آپ ﷺ نے فرمایا کہ تمہیں لیلۃ القدر کی خبر دینے کے لئے (گھر سے) نکلا تھا مگر فلاں اور فلاں اس کے متعلق جھگڑ رہے تھے تو اس کی اطلاع اُٹھالی گئی اور بہت ممکن ہے کہ اسی میں تمہاری بھلائی ہو سو تم اسے نویں، ساتویں اور پانچویں رات میں تلاش کرو (۵۵) بقول امام شافعیؒ اگر یہ رات ہمیشہ کے لئے متعین نہ ہوتی تو رسولِ اکرم ﷺ کے بتانے پر بھی ہر سال کی لیلۃ القدر کا لوگوں کو علم نہ ہو پاتا۔ امام شافعیؒ کا یہ استدلال اس احتمال پر ضعیف ہے کہ شاید رسول اللہ ﷺ اسی سال کی لیلۃ القدر کے متعلق بتانا چاہتے ہوں اور یہ بھی ممکن ہے کہ امام شافعیؒ کو ان مرفوع روایات کا علم نہ ہو جن میں نزولِ قرآن کی رات ۲۴ رمضان بتائی گئی ہے اور نزولِ قرآن لیلۃ القدر ہی میں تو ہوا ہے پس اگر یہ رات ہمیشہ ۲۴ رمضان ہوتی اور متعین ہوتی تو دیگر راتوں میں لیلۃ القدر ہونے کے متعلق احادیث موجود نہ ہوتیں اور نہ ہی اس کے متعلق مختلف اقوال ہوتے۔ لیلۃ القدر کے متعین ہونے کا قول اس لئے بھی مرجوح اور غیر معتبر ہے کہ اس رات کے متعلق حضرت ابنِ عباسؓ سے روایت ہے کہ رسولِ اکرم ﷺ نے فرمایا: **لیلۃ سمحۃ طلقۃ لاحارّۃ ولا باردۃ وتصبح شمس صبیحتھا ضعیفۃ حمراء۔** (۵۶/۱) ''یہ رات کھلی خوشگوار اور صاف ہوتی ہے۔ نہ (زیادہ) گرم ہوتی ہے اور نہ ہی (بہت) سرد ہوتی ہے اور اس رات کی صبح کو (طلوع ہونے والے) سورج (کی حرارت) کمزور ہوتی ہے اور (سورج کی رنگت) سرخ ہوتی ہے''۔

اگر لیلۃ القدر متعین ہوتی تو کرۂ ارض کے بڑے حصے پر سال بھر میں ایک رات ضرور ایسی ہوا کرتی جیسا کہ اُوپر حدیث میں بیان کیا گیا ہے اور حضرت ابی بن کعب رضی اللہ عنہ کی روایت میں بھی یہی ہے کہ اس رات کی صبح کو طلوع ہونے والے سورج کی شعاع نہیں ہوتی یعنی یہ رات اور اس کی صبح معتدل موسم کی ہوتی ہے۔ دنیا کے بڑے حصے میں ایک ہی وقت یا ایک ہی دن میں اس طرح کی رات کا ہونا خلافِ مشاہدہ اور خلافِ عادت ہے۔ پھر رمضان کا مہینہ کوئی ساڑھے بتیس شمسی سالوں میں تمام موسموں گرما، سرما، بہار اور خزاں میں سے گزر جاتا ہے اس سے تو ان حضرات کے قول کی تائید ہوتی ہے جن کے نزدیک سال بھر میں کوئی بھی رات لیلۃ القدر ہوسکتی ہے صرف رمضان میں ہی اس کا ہونا ضروری نہیں۔ اس پر مزید بحث آئندہ سطور میں اپنے مقام پر آرہی ہے۔ موسمِ سرما والے رمضان میں بسا اوقات شدید سردی میں ہی پورا رمضان گزر جاتا ہے اور کوئی بھی رات مذکورہ بالا صفات کی حامل نہیں ہوتی لہٰذا رمضان میں ہی لیلۃ القدر کے ہونے کا دعویٰ چنداں قوی نہیں۔

لیلۃ القدر ہی کے حوالے سے متعلقہ احادیث پر اور نزولِ قرآن کی تاریخ ۲۴ رمضان ہونے پر دوسرا بظاہر نہایت قوی اشکال یہ وارد ہوتا ہے کہ ایک طرف تو احادیثِ صحیحہ سے صاف واضح ہے کہ رسولِ اکرم ﷺ نے لیلۃ القدر کو رمضان کی آخری دس راتوں خصوصاً طاق راتوں میں تلاش کرنے کی ترغیب دی ہے اور دوسری طرف مدنی دور کے توقیتی مباحث سے یقینی وقطعی دلائل سے خوب ثابت ہو چکا ہے کہ رسولِ اکرم ﷺ اور صحابۂ کرامؓ نے مدنی دور میں جس رمضان میں روزے رکھے وہ ہرگز قمری تقویم کا رمضان نہیں تھا بلکہ قمریہ شمسی تقویم کا رمضان تھا، غزوۂ بدر اور غزوۂ فتح مکہ دونوں غزوات بالترتیب رمضان ۲ ہجری (قمریہ شمسی) اور رمضان ۸ ہجری (قمریہ شمسی) میں ہوئے۔ ان غزوات میں رسول اللہ ﷺ اور آپؐ کے اصحابؓ نے پہلے روزہ رکھا ہوا تھا لیکن شدید گرمی اور جنگی حالت کے پیشِ نظر یہ روزہ افطار فرمایا تھا۔ سال ۹ ہجری کے روزے بھی رمضان قمریہ شمسی میں ہی رکھے گئے (کیونکہ رسولِ اکرم ﷺ کی تبوک سے واپسی کے بعد ثقیف کے وفد نے وسطِ رمضان میں اسلام قبول کیا تو انہوں نے بقیہ رمضان کے روزے پورے کئے۔ (۵۶/۲) سال ۹ ہجری کے توقیتی مباحث میں یہ ثابت کیا جاچکا ہے کہ یہ رمضان یقیناً قمریہ شمسی رمضان تھا۔ یہ روایت گو بلحاظِ سند ضعیف ہے لیکن دیگر قرائن سے اس کی تائید ہوتی ہے۔ سال ۱۰ ہجری (قمریہ شمسی) کا رمضان خالص قمری تقویم کے ربیع الاول ۱۱ ہجری کے مقابل تھا۔ یہ رسولِ اکرم ﷺ کی رحلت کا مہینہ ہے اور قمریہ شمسی تقویم حجۃ الوداع کے موقع پر منسوخ کی جاچکی تھی۔ تاہم یہ تو یقینی امر ہے کہ سال ۸ ہجری (قمریہ شمسی) تک روزے رمضان قمریہ شمسی میں ہی رکھے گئے تھے۔ اس اشکال کا جواب یہ ہے کہ لیلۃ القدر کا متعین نہ ہونا اور ہر سال اس کا تغیر پذیر یعنی سال بھر میں دائر و سائر ہونا تو معلوم ہو چکا۔ اب دو ہی صورتیں ہیں یا تو لیلۃ القدر ہمیشہ رمضان میں ہی ہوتی ہے گو رمضان کی مختلف راتوں میں آتی رہے یا لیلۃ القدر سال بھر میں کسی بھی قمری مہینے کی کسی بھی رات کو ہوسکتی ہے صرف رمضان ہی کی تخصیص نہیں گو اکثر و بیشتر رمضان ہی میں ہو۔ صحابۂ کرامؓ میں سے حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ کا یہی مذہب ہے آپ کوفے میں منتقل ہو گئے تھے۔ آپ کے شاگرد اصحابِ کوفہ بھی اسی کے قائل ہیں اور امام ابوحنیفہؒ کے متعلق بھی یہی قول مشہور ہے (۵۷) حضرت عبداللہ بن مسعودؓ کا شمار انتہائی جلیل القدر، عالم و فاضل صحابہؓ میں ہوتا ہے ان کی مذکورہ رائے کو تسلیم کیا جائے تو اشکال کالعدم ہو جاتا ہے۔ اگر اصرار کیا جائے کہ لیلۃ القدر رمضان ہی میں ہوتی ہے تو ہم یہ کہہ سکتے ہیں کہ دورِ نبویؐ میں رمضان قمریہ شمسی میں روزے رکھنا بالکل ایسے ہی خالص قمری رمضان میں روزہ رکھنے کے مترادف ہے

جیسے قبلۂ اول بیت المقدس کی طرف منہ کر کے نمازیں پڑھنا رسولِ اکرم ﷺ اور آپؐ کے اصحاب کے لئے خانۂ کعبہ کی طرف منہ کر کے نمازیں پڑھنے کے مماثل بلکہ اس سے بھی افضل قرار پایا کہ قبلۂ اول کی طرف منہ کر کے نمازیں پڑھنے والوں کو اللہ تعالیٰ نے یہ بشارت دی کہ اللہ ایسا نہیں کرے گا کہ تمہارا ایمان ضائع کر دے بے شک اللہ لوگوں پر مشفق اور مہربان ہے (۵۸) اس آیت میں اللہ تعالیٰ نے قبلۂ اوّل بیت المقدس کی طرف منہ کر کے نمازیں پڑھنے والے صحابۂ کرامؓ کو ارتداد سے محفوظ رکھنے اور ان کے ایمان کو باقی رکھنے کی ضمانت عطا فرما دی۔ یہاں اگر ایمان سے نماز مراد لی جائے تو بھی مذکورہ بشارت اس لئے خلل پذیر نہیں ہوتی کہ منافق اور کافر کی تمام ظاہری نیکیاں بالاتفاق ضائع ہو جاتی ہیں اور مرتد کی تمام نیکیاں بھی برباد ہو جاتی ہیں۔ کسی بھی نیکی کے اجر کے بقا کی ضمانت میں ایمان کے باقی رکھنے کی ضمانت بھی داخل ہے۔ الغرض جب بیت المقدس کو اللہ تعالیٰ کے حکم سے قبلہ ٹھہرا کر نماز پڑھنے کی اس قدر فضیلت ثابت ہوئی تو بعض ناگزیر مصالح کی بنا پر قمریہ شمسی رمضان میں روزے رکھنے کی فضیلت میں بھلا کون سا خلل واقع ہو سکتا ہے؟ یہ فضیلت اس بنا پر بھی ہے کہ قمریہ شمسی رمضان ہمیشہ موسمِ گرما میں آیا کرتا تھا جیسا کہ رمضان کے مادے ''رمض'' سے بھی واضح ہے۔ دورِ نبوی کا قمریہ شمسی رمضان موسم گرما ہی میں رہا۔ رسولِ اکرم ﷺ اور صحابۂ کرامؓ نے شدید گرمی میں روزے رکھنے کا اجر حاصل کیا۔ قبل ازیں حضرت ابن عباسؓ سے مروی حدیث سے معلوم ہو چکا ہے کہ لیلۃ القدر کی رات معتدل ہوتی ہے۔ موسم کا یوں مائل بہ اعتدال ہو جانا کہ رات نہ زیادہ گرم ہو اور نہ ہی زیادہ سرد ہو، موسمِ سرما کی نسبت موسم گرما میں ہی زیادہ ہوا کرتا ہے اس لئے موسمِ گرما کے قمری رمضان میں لیلۃ القدر کا امکان قوی تر ہے۔ چونکہ رسولِ اکرم ﷺ اور صحابۂ کرامؓ نے روزے موسمِ گرما میں رکھے تو اگر قمریہ شمسی رمضان کو قمری رمضان کا بدل ٹھہراتے ہوئے اللہ تعالیٰ نے ان سالوں میں لیلۃ القدر قمریہ شمسی رمضان میں رکھی ہو تو اس میں کون سا عقلی یا نقلی اشکال ہے؟ ہم یہاں قارئین کی سہولت کے لئے دورِ نبویؐ کے قمریہ شمسی رمضان اور اس کے مقابل خالص قمری تقویم کے مہینوں اور ان کے مقابل عیسوی جیولین تقویم کے مہینوں اور تواریخ کی جدول پیش کرتے ہیں کیونکہ دورِ نبویؐ میں لیلۃ القدر انہی ایام میں دائر و سائر رہی ہے۔

قمریہ شمسی	قمری	جیولین عیسوی تقویم کی تواریخ
رمضان ۲ ہجری	ذی قعدہ ۲ ہجری	۲۵ اپریل تا ۲۴ مئی ۶۲۴ عیسوی
رمضان ۳ ہجری	ذی الحجہ ۳ ہجری	۱۴ مئی تا ۱۱ جون ۶۲۵ عیسوی

رمضان ۴ ہجری	ذی الحجہ ۴ ہجری	۴ مئی تا یکم جون ۶۲۶ عیسوی
رمضان ۵ ہجری	محرم ۶ ہجری	۲۲ مئی تا ۲۰ جون ۶۲۷ عیسوی
رمضان ۶ ہجری	محرم ۷ ہجری	۱۱ مئی تا ۸ جون ۶۲۸ عیسوی
رمضان ۷ ہجری	صفر ۸ ہجری	۳۰ مئی تا ۲۷ جون ۶۲۹ عیسوی
رمضان ۸ ہجری	صفر ۹ ہجری	۲۰ مئی تا ۱۷ جون ۶۳۰ عیسوی
رمضان ۹ ہجری	صفر ۱۰ ہجری	۹ مئی تا ۶ جون ۶۳۱ عیسوی

رمضان ۱۰ ہجری قمری، ربیع الاول ۱۰ ہجری قمریہ شمسی کے مقابل تھا۔ عیسوی تواریخ یکم دسمبر سے ۳۰ دسمبر ۶۳۱ عیسوی تھیں۔

مذکورہ جدول سے واضح ہو رہا ہے کہ دورِ نبویؐ میں قمریہ شمسی رمضان ۲۵ اپریل سے ۲۷ جون کی عیسوی جیولین تواریخ کے درمیان آتا رہا ہے، اس تمام بحث سے لیلۃ القدر کے سلسلے میں درج ذیل معلومات فراہم ہوتی ہیں۔

۱۔ لیلۃ القدر اکثر و بیشتر رمضان المبارک میں ہوتی ہے خصوصاً اس رمضان میں جو موسمِ گرما میں ہو۔ گرمی میں روزہ رکھنا بہت بڑی آزمائش ہے خصوصاً محنت کش طبقے کے لئے خاصا دشوار ہے۔ رسولِ اکرم ﷺ اور صحابۂ کرامؓ نے روزے موسم گرما میں رکھے۔ مہاجرین مکہ کی کمزور معاشی حالت کے پیشِ نظر انصارِ مدینہ ان کی معاشی ضروریات کے بھی کفیل تھے اس لئے کسبِ معاش کے لئے مہاجرین اور انصارِ مدینہ سبھی کو سخت محنت و مشقت کا سامنا تھا۔ نیز مدنی دور کے کئی ایک غزوات و سرایا بھی رمضان (قمریہ شمسی) میں ہوئے۔ سائنسی ایجادات کی بدولت دورِ حاضر کی سہولتیں اس زمانے کے اغنیاء کو بھی حاصل نہ تھیں اسی لئے صحابۂ کرامؓ پر اللہ تعالیٰ کا خاص الخاص فضل و کرم ہوا کہ لیلۃ القدر دورِ نبویؐ کے قمریہ شمسی رمضان میں دائر و سائر رہی۔

۲۔ اگرچہ لیلۃ القدر زیادہ تر رمضان میں ہوتی ہے لیکن اس کا ہمیشہ رمضان میں ہونا ضروری نہیں۔ دورِ نبویؐ میں روزے قمریہ شمسی رمضان میں رکھے گئے جو خالص قمری تقویم کے مہینوں ذی قعدہ، ذی الحجہ اور محرم کے مقابل رہا البتہ سالہائے ۷، ۸، ۹ ہجری (قمریہ شمسی) میں رمضان قمریہ شمسی خالص قمری تقویم کے مہینے صفر کے مقابل رہا۔ اس سے یہ معلوم ہوتا ہے کہ رمضان کے بعد قمری سال میں دیگر مہینوں کی نسبت اشہر حُرم میں لیلۃ القدر کا احتمال زیادہ ہے۔ ذی قعدہ، ذی الحجہ اور محرم کے مہینے حرمت والے ہیں۔ اسی

طرح رجب کا مہینہ بھی چونکہ حرمت والا ہے لہٰذا اس میں بھی لیلۃ القدر کا احتمال زیادہ ہے۔

۳۔بعض احادیث میں لیلۃ القدر کی ایک علامت یہ بتائی گئی ہے کہ یہ رات نہ زیادہ گرم اور نہ ہی زیادہ سرد بلکہ معتدل ہوتی ہے۔موسمِ گرما میں عارضی یا قدرے دیر پا موسمی تغیرات وغیرہ کی بنا پر رات کے وقت موسم کا معتدل ہونا موسمِ گرما میں موسمِ سرما کی نسبت کثیر الوقوع ہے۔نزولِ قرآن کا عیسوی مہینہ ستمبر کا ہے۔ستمبر میں دن کے وقت اگرچہ گرمی ہوتی ہے لیکن راتیں مائل بہ اعتدال ہوتی ہیں اس لئے اس طرح کے موسم (یعنی خزاں و بہار) میں آنے والے رمضان میں بھی لیلۃ القدر کا احتمال قوی تر ہے۔

۴۔لیلۃ القدر اگر رمضان المبارک میں ہو تو رمضان کی پہلی، پانچویں، ساتویں، نویں اور آخری عشرے کی تواریخ کی راتوں میں اس کا احتمال زیادہ ہے اور آخری عشرے میں بھی طاق راتوں میں زیادہ امکان ہے۔

۵۔راتیں رمضان المبارک کی ہوں یا کسی اور قمری مہینے کی ہوں، ان میں جفت و طاق کی تقسیم رویتِ ہلال کی بنا پر ہے۔عوام الناس کے لئے رویتِ ہلال کی بنا پر قمری تواریخ کی تعیین چونکہ آسان ہے اس لئے قمری تواریخ کے لئے رویتِ ہلال کا ہی اعتبار کیا گیا۔طلوعِ ہلال یا ولادتِ قمر کے اعتبار سے قمری تواریخ اکثر و بیشتر ایک دن اور بعض حالتوں میں دو دن مقدم ہو سکتی ہیں لہٰذا رویتِ ہلال کے اعتبار سے جو راتیں طاق ہوں وہ طلوعِ ہلال کے لحاظ سے جفت اور جو راتیں رویتِ ہلال کے اعتبار سے جفت ہوں وہ طلوعِ ہلال کے اعتبار سے طاق ہو سکتی ہیں۔نزولِ قرآن کی تاریخ طلوعِ ہلال کے اعتبار سے ۲۴ رمضان اور رویتِ ہلال کے اعتبار سے ۲۳ رمضان المبارک ہے۔

۶۔اگرچہ احادیثِ صحیحہ کی روشنی میں لیلۃ القدر کا رمضان میں ہونا کثیر الوقوع ہے لیکن عقل و نقل دونوں اعتبار سے اس کا ہر سال ہمیشہ رمضان میں ہونا ضروری نہیں۔پہلی عقلی دلیل یہ ہے کہ ہم نے حسابی شواہد سے یہ یقینی طور پر معلوم کر لیا ہے کہ دورِ نبویؐ میں روزے قمری رمضان میں نہیں بلکہ قمریہ شمسی رمضان میں رکھے گئے تھے۔دوسری عقلی دلیل یہ ہے کہ دنیا بھر میں ہر جگہ دن اور رات ایک ہی وقت میں نہیں ہوتے۔دنیا کے جن حصوں میں جہاں ہمیشہ سردی رہتی ہے اور جہاں مثلاً چھ مہینے رات ہی رہتی ہے، اگر ان علاقوں کو مستثنیٰ بھی قرار دیا جائے تو بھی غالب گمان یہ ہے کہ دنیا کے بیشتر حصوں میں ہمیشہ نہیں تو بھی اکثر لیلۃ القدر والی رات معتدل ہوتی ہے اور چونکہ دنیا بھر میں اس طرح کے علاقوں میں ایک ہی وقت میں ایسی معتدل رات کا آنا خلافِ عادت ہے، لہٰذا عین ممکن ہے کہ مختلف علاقوں کے لئے لیلۃ القدر

مختلف ہو۔ اگر کوئی شخص سال بھر اس رات کے لئے تھوڑی یا زیادہ محنت کرے وہ یقیناً اسے پالے گا اگر مسلسل سفر یا نقل مکانی کی وجہ سے کسی خاص مقام کی لیلۃ القدر وہ بالفرض نہ بھی پا سکے تو بھی وہ اس لئے محروم نہیں رہے گا کہ اللہ تعالیٰ محسنین (نیکوکار لوگوں) کے اجر کو ضائع نہیں کرتا۔ اس کے وطن اصلی اور علاقے میں جب بھی یہ رات آئے گی خواہ وہ اس علاقے میں موجود ہو یا نہ ہو انشاء اللہ العزیز اس کی اس رات کی عبادت لیلۃ القدر کی عبادت ہی سمجھی جائے گی۔ تیسری عقلی دلیل یہ ہے کہ لیلۃ القدر کا اکثر رمضان میں ہونا تو ثابت ہے لیکن اس کے باوجود یقین سے نہیں کہا جا سکتا کہ فلاں رمضان میں یہ رات یقیناً آئی ہے، اس کے برعکس سال بھر میں اس رات کا ایک مرتبہ آنا بالاتفاق یقینی وقطعی ہے اور جہاں یقین وظن کا تعارض ہو تو ترجیح ہمیشہ یقین کو حاصل ہوتی ہے لہٰذا صحیح قول یہی ہے کہ لیلۃ القدر سال بھر میں دائر وسائر رہتی ہے گو اللہ تعالیٰ کا یہ خاص کرم ہو کہ یہ اکثر وبیشتر رمضان میں اور خصوصاً موسمِ گرما کے رمضان میں آتی رہے۔ نقلی دلیل یہ ہے کہ صحابۂ کرامؓ میں حضرت عبداللہؓ بن مسعود جیسے فقیہ صحابی لیلۃ القدر کو پورے قمری سال میں دائر وسائر خیال فرماتے ہیں اس لئے جن صحابۂ کرامؓ نے لیلۃ القدر کو رمضان کے ساتھ خاص کیا ہے وہ دورِ نبویؐ کا رمضان (قمریہ شمسی) اور بعد میں صحابۂ کرامؓ کے دور کا رمضان (قمری) ہے یہ رسولِ اکرم ﷺ اور آپؐ کے اصحابؓ پر اللہ تعالیٰ کا خاص فضل وکرم ہے۔ بعد کے ادوار میں ہمیشہ رمضان ہی میں لیلۃ القدر کا ہونا ضروری نہیں، ورنہ اس پر سب صحابۂ کرامؓ کا اجماع ہوتا اور حضرت عبداللہؓ بن مسعود جیسے جلیل القدر صحابی اپنی الگ رائے نہ رکھتے۔ چونکہ امورِ دینیہ میں اجماع سے یقینِ قطعی حاصل ہوتا ہے لہٰذا اس صورت میں ہر مسلمان کے لئے لازم ہوتا ہے کہ وہ لیلۃ القدر کو رمضان ہی کے ساتھ مخصوص کرے اور اس میں اختلافِ رائے کی شرعاً ہرگز کوئی گنجائش نہیں رہتی۔

۷۔ یہاں یہ یاد رہے کہ حضرت عبداللہ بن مسعودؓ کی جانب یہ جو منسوب ہے کہ وہ سورۂ فاتحہ اور معوذتین کو قرآنِ کریم میں شامل نہیں سمجھتے تھے، محققین کے نزدیک ایسا دعویٰ قطعاً غلط ہے کیونکہ عاصمؒ کی زر بن حبیش اور زرؒ کی حضرت عبداللہؓ بن مسعود سے جو قرأت تواتر سے ثابت ہے اس میں معوذتین اور سورۂ فاتحہ شامل ہیں۔ اس کے مقابلے میں ظنی روایات قابلِ قبول نہیں ہو سکتیں۔ البتہ لیلۃ القدر کا معاملہ اس سے مختلف ہے۔ نیز لیلۃ القدر کے سال بھر میں دائر وسائر ہونے کا قول حضرت عبداللہ بن عباسؓ اور عکرمہؒ وغیرہ کا بھی ہے۔

۸۔ سیدنا حضرت علیؓ اور حضرت عبداللہ بن مسعودؓ جیسے جلیل القدر صحابۂ کرامؓ نے کوفے میں مستقل سکونت اختیار کی۔ یہ ان کے علمی فیوض کی برکت ہے کہ کوفے کے اہلِ علم، خصوصاً امام ابوحنیفہؒ اور

ان کے اصحاب کا لیلۃ القدر کے حوالے سے تفقہ فی الدین تسلیم کئے بغیر چارہ نہیں۔

۹۔ لیلۃ القدر کو اس لئے مخفی رکھا گیا ہے کہ جو بھی صحیح العقیدہ شخص سال بھر اس کے لئے کوشش کرے گا تو وہ ہرگز محروم نہیں رہے گا مثلاً کوئی شخص لیلۃ القدر کو پانے کی نیت سے ہر رات صرف اللہ تعالیٰ کی سو مرتبہ تسبیح وتحمید کے کلمات کا ہی التزام اور پابندی کرے تو اس تسبیح وتحمید کی تعداد (۲۹٫۵۳۰۵۸۸×۱۰۰۰×۱۰۰) = ۲۹۵۳۰۵۹ (اُنتیس لاکھ ترپّن ہزار اُنسٹھ) بلکہ اس سے بھی کہیں زیادہ ہوجائے گی کیونکہ یہ رات ہزار مہینوں کے برابر نہیں بلکہ ان سے بھی بہتر ہے۔ لہٰذا یہ شبہہ درست نہیں کہ لیلۃ القدر کو پورے قمری سال میں دائر وسائر کر کے اس میں ایسا ابہام پیدا کر دیا گیا ہے کہ افرادِ اُمت کے لئے اس سے مستفید ہونا مشکل ہو گیا ہے۔ اس کے برعکس اگر اس میں یہ ابہام نہ رکھا جاتا یا اسے صرف رمضان کے ساتھ ہی لازماً مخصوص کر دیا جاتا تو لوگ اس مخصوص مدت میں اس رات کے پالینے کا یقین کر کے سال کے بقیہ مہینوں اور ایام میں اللہ تعالیٰ کی عبادت میں کوتاہی کرتے۔ البتہ جو شخص سال بھر محنت کرے گا وہ اس کا عادی ہوجائے گا۔

۱۰۔ لیلۃ القدر اُممِ سابقہ کے لئے بھی ہو سکتی ہے لیکن اس رات میں نیک کاموں کے اجر میں یہ بے حد اضافہ اُمت محمدیہ ﷺ علی صاحبہا الصلوٰۃ والسلام کے لئے مخصوص ہے۔

اُوپر مذکور ہو چکا ہے کہ رسولِ اکرم ﷺ اور صحابہ کرامؓ نے قمریہ شمسی تقویم کے مطابق روزے قمریہ شمسی رمضان میں رکھے تھے۔ قمریہ شمسی تقویم کو ذی الحجہ ۱۰ ہجری قمری میں حجۃ الوداع کے موقع پر منسوخ کیا گیا تھا۔ اگر اسے مکی دور میں یا مدنی دور کے اوائل میں ہی منسوخ کر دیا جاتا تو مشرکین مکہ سے خصوصاً اور دیگر عرب قبائل سے عموماً مسلمانوں کا تقویمی اعتبار سے معاشرتی رابطہ منقطع ہو جاتا۔ دورِ جاہلیت میں چار مہینوں محرم، رجب، ذی قعدہ اور ذی الحجہ کو حرمت والے مہینے کہا جاتا تھا اور ان میں جنگ وجدال کو سخت معیوب سمجھا جاتا تھا۔ اسلام نے ان کی حرمت کو بحال رکھا۔ قریش مکہ اور دیگر قبائلِ عرب کی تقویم قمریہ شمسی تھی۔ ان کا حج اور عمرہ بھی اسی کے مطابق ہوتا تھا اور حرمت والے چار مہینے بھی اسی قمریہ شمسی تقویم کے اعتبار سے ملحوظ رکھے جاتے تھے۔ اسے اُس دور کے عربوں کی باقاعدہ اور باضابطہ یعنی رسمی تقویم (Formal Calender) کہا جاسکتا ہے۔ محققین کے خیال میں مدینہ منورہ اور اس کے نواح کے لوگوں میں اپنے قومی تشخص اور ثقافتی ورثے کی حفاظت کا نسبتاً زیادہ احساس تھا اس لئے اُنہوں نے یہودیوں کی قمریہ شمسی تقویم کو کھلے دل سے کبھی تسلیم نہیں کیا اور وہ خالص قمری تقویم پر ہی عمل پیرا رہے لیکن ان دنوں یہ قمری تقویم محض ایک غیر رسمی تقویم (Informal Calender) کی حیثیت رکھتی تھی۔ عمرہ، حج

اور اشہر حُرم کے معاملے میں مدینہ کے لوگوں کو بھی قمریہ شمسی تقویم ہی کا پابند ہونا پڑتا تھا۔ ان حالات میں اگر مسلمانوں کو خالص قمری تقویم کا مکی دور میں یا ہجرت کے بعد مدنی دور کے اوائل میں ہی پابند کر دیا جاتا تو مسلمانوں اور مشرکین کے اشہر حرم میں زبردست تفاوت پیدا ہو جاتا۔ مشرکین تو مسلمانوں کی عداوت و مخاصمت میں خود اپنی قمریہ شمسی تقویم کے اشہر حرم کی حرمت کو پامال کرنے کے پہلے ہی بہانے تلاش کرتے رہتے تھے۔ وہ نئے حالات میں مسلمانوں کی خالص قمری تقویم کے اشہر حرم کی حرمت کا بھلا کیوں لحاظ کرتے؟ یوں امن و امان کے ان چار محترم مہینوں میں تبلیغی، اصلاحی اور فلاحی مقاصد کے لئے مسلمانوں کے مشرک قبائل سے اور بعض اوقات مشرکین کے مسلمانوں سے جو تھوڑے بہت روابط ہوا کرتے تھے وہ بھی قطعاً ختم ہو جاتے جس سے اسلام کی نشر و اشاعت میں زبردست اور ناقابلِ تلافی خلل پیدا ہوتا۔ نیز قمریہ شمسی تقویم کی جلد منسوخی سے مسلمان خالص قمری رمضان میں روزے رکھتے۔ دورِ نبویؐ میں خالص قمری رمضان موسمِ سرما میں رہا۔ مثلاً یکم رمضان ۹ ہجری کے بالمقابل عیسوی جیولین تاریخ ۱۲ دسمبر ۶۳۰ عیسوی جیولین تھی۔ اگر رسولِ اکرم ﷺ اور آپ کے اصحاب ہر سال موسمِ سرما میں روزے رکھتے تو بعد میں مخالفین اسلام کو یہ کہنے کا موقع مل جاتا کہ ان حضرات نے تو روزے موسمِ سرما میں رکھے مگر آنے والی نسلوں کو گرمیوں میں بھی روزے رکھنے کا (معاذ اللہ) خواہ مخواہ پابند کر گئے۔ اسی لئے قمریہ شمسی تقویم کو اس کی تمام خرابیوں اور قباحتوں کے باوجود حجۃ الوداع کے موقع یعنی ۱۰ ہجری (قمری) تک برداشت کیا گیا۔ اس وقت تک اسلام پورے جزیرہ نمائے عرب میں پھیل چکا تھا اور کفر مغلوب ہو چکا تھا لہٰذا حجۃ الوداع کے موقع پر اجتماعِ عظیم کے روبرو دورِ جاہلیت کی دیگر بری رسوم کی پامالی کے اعلان کے ساتھ رسمِ نسی کے خاتمے اور اس پر مبنی قمریہ شمسی تقویم کی منسوخی کے اعلان کا بہترین موقع اور وقت بھی یہی تھا۔

"الغرض قمریہ شمسی تقویم کی حجۃ الوداع کے موقع پر منسوخی سے پہلے مسلمان بھی مجبوراً ہی قمریہ شمسی تقویم پر عمل پیرا تھے۔ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا اور صحابہ کرامؓ کا قمریہ شمسی رمضان میں روزے رکھنا ثابت ہو چکا۔ رمضان کے روزوں کے فرضیت سے پہلے اس محرم کا روزہ بھی قمریہ شمسی تقویم کے مطابق تھا کیونکہ یہودی ۱۰ محرم بھی ۱۰ تشری کا روزہ رکھا کرتے تھے اور یہودیوں کی قمریہ شمسی تقویم میں دور حاضر میں بھی ان کے ہاں دس تشری کا روزہ فرض ہے غزوۂ فتح مکہ، غزوۂ حنین و طائف کے بعد مکہ کے نومسلم قریش نے والی مکہ حضرت عتابؓ بن اسید کی زیر امارت جو حج ذی الحجہ ۸ ہجری میں کیا تھا وہ قمریہ شمسی تقویم کا ہی تھا چنانچہ اہل سیرو مغازی نے لکھا ہے کہ یہ حج پرانے طریقے اور دستور کے مطابق ہوا تھا۔ اگر مسلمان قمریہ شمسی تقویم پر عمل پیرا نہ

ہوتے تو نو مسلم قریش مکہ کو رسول اکرم ﷺ ہرگز قمریہ شمسی تقویم کے ذی ذی الحجہ میں حج کرنے کی اجازت نہ دیتے۔ البتہ ۹ ہجری میں حضرت ابوبکر صدیقؓ کی زیرامارت حج خالص قمری تقویم کے ذی الحجہ میں ہوا تھا جیسا کہ گذشتہ اقساط میں ہم مناسب مقام پر واضح کر چکے ہیں لیکن مفسرین کی ایک جماعت کا خیال ہے کہ سورۂ توبہ کی ابتدائی آیات میں جن چار مہینوں کی مشرکین کے لئے مہلت کا ذکر ہے ان کی ابتداء ۹ ذی قعدہ ۹ ہجری سے ہوئی کیونکہ بقول ان مفسرین کے یہ ذی الحجہ دراصل نسی والی تقویم (قمریہ شمسی) تقویم تھا اور اصل قمری مہینہ ذی قعدہ کا تھا۔ اس سے معلوم ہوا کہ حجۃ الوداع سے پہلے تک مسلمانوں کا قمریہ شمسی تقویم پر عمل پیرا رہنے کا ہمارا دعویٰ کوئی نیا دعویٰ نہیں ہے جس پر اہل علم بلا تحقیق تشویش کا اظہار فرمائیں۔ دور جاہلیت کی بہت سی خرابیوں کا ازالہ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے یک دم نہیں بلکہ بتدریج فرمایا۔ نسی والی تقویم مشرکین کے لئے کفر میں اضافہ اس لئے تھی کہ وہ حرام کو حلال اور حلال کو حرام اعتقاداً ٹھہرائے ہوئے تھے اس کے برعکس رسول اکرم ﷺ اور آپ کے اصحاب اسے مجبوراً برداشت کئے ہوئے تھے"۔

اشکال بحوالہ طلوعِ ہلال و رویتِ ہلال

پہلی وحی کے نزول کی تاریخ ہم نے ۲۴ رمضان المبارک ۴۱ میلادی قمری بمطابق ۹ ستمبر ۶۰۸ عیسوی جیولین بروز سوموار قرار دی تھی اس پر تیسرا اشکال یہ ہے کہ ۲۴ رمضان کی یہ تاریخ بلحاظ طلوعِ ہلال ہے کیونکہ تاریخ قِران ۱۶ راگست ۶۰۸ عیسوی جیولین بوقت ۱۱:۰۳ ہے۔ ۱۶ راگست کو سورج غروب ہونے کے وقت چاند کی عمر کوئی آٹھ گھنٹے کے قریب بنتی ہے۔ اتنی عمر کے چاند کا ننگی آنکھ سے نظر آنا ممکن نہیں، لہٰذا چاند اگلے دن ۱۷ راگست کو سورج کے غروب ہونے کے وقت نظر آیا اور ۱۸ راگست ۶۰۸ عیسوی جیولین بروز اتوار رمضان کی پہلی تاریخ ہوئی، یوں نزولِ وحی کے لئے سوموار کا دن ۲۳ رمضان کو بنتا ہے البتہ رویتِ ہلال یعنی پہلی رات کا چاند دیکھنے کی بجائے طلوعِ ہلال (ولادتِ قمر) کے وقت کو ملحوظ رکھا جائے تو چونکہ چاند ۱۶ اگست کو سورج غروب ہونے سے کوئی آٹھ گھنٹے قبل طلوع ہو چکا تھا لہٰذا یکم رمضان المبارک ۱۷ راگست کے بالمقابل ہوگی۔ ۱۷ راگست کو سنیچر تھا لہٰذا سوموار کا دن ۲۴ رمضان کو ہی بنے گا لیکن چونکہ شریعت نے قمری تواریخ کی تعیین کے لئے صرف رویتِ ہلال کو معیار ٹھہرایا ہے لہٰذا صحیح تاریخ ۲۳ رمضان سمجھی جانی چاہئے۔ اس اشکال کا جواب یہ ہے کہ قمری تقویم کی بنیاد زمین کے گرد چاند کی ماہانہ گردش کی مدت پر ہے۔ اصولاً ہر قمری مہینے کی ابتدا طلوعِ ہلال یعنی ولادتِ قمر یعنی تاریخِ قِران اور

وقتِ قِران سے ہونی چاہئے لیکن دورِ نبویؐ سے دورِ حاضر تک قمری مہینے کی ابتدا رویتِ ہلال سے ہوتی رہی ہے۔ رویتِ ہلال سے پہلے جب سورج اور چاند کا کسی نقطۂ فلک پر اجتماع ہوتا ہے اُس وقت کو ہندی زبان میں ''اماوس'' اور عربی زبان میں ''قِران شمس وقمر'' کہا جاتا ہے۔ علمِ ہیئت میں یہی ''نیا چاند'' کہلاتا ہے اور ''ولادتِ قمر'' کی اصطلاح استعمال کی جاتی ہے کہ چاند اس وقت پیدا ہوا ہے اور پھر جوں جوں وقت گزرتا ہے اسے ''چاند کی عمر'' کہا جاتا ہے۔ طویل مشاہدات اور محتاط اندازوں کے بعد یہ معلوم ہوا ہے کہ اکثر و بیشتر صورتوں میں بیس گھنٹے سے کم عمر کا چاند ننگی آنکھ سے دکھائی نہیں دیا کرتا گو شاذ و نادر صورتوں میں انتہائی موافق فلکی کیفیات اور حالات میں اٹھارہ گھنٹے کی عمر کا چاند بھی نظر آ سکتا ہے۔ حجۃ الوداع کے لئے ذی الحجہ کا جو چاند نظر آیا تھا اس کی عمر اٹھارہ گھنٹے تھی۔ بیس سے تیس گھنٹوں کی عمر کا چاند عام حالات میں کبھی نظر آ جاتا ہے اور کبھی نہیں۔ تیس گھنٹوں سے زائد عمر کا چاند مطلع صاف ہونے کی حالت میں لازماً نظر آنا چاہئے۔ یاد رہے کہ چاند کی عمر کے مذکورہ حساب میں سورج غروب ہونے کے وقت تک کی عمر کو ملحوظ رکھا جاتا ہے۔

عام لوگوں کے لئے ولادتِ قمر یعنی قِران شمس وقمر کی تاریخ اور وقت کا تعیّن آسان نہیں کیونکہ اس میں پیچیدہ حسابی عمل کو بروئے کار لانا پڑتا ہے۔ دورِ حاضر میں مشہور رصدگاہیں (مثلاً گرین وِچ کی برطانوی رصدگاہ) اوقاتِ قِران کا تعیّن کرتی ہیں اور ان رصدگاہوں کے جاری کردہ فلکی اعداد و شمار اور جداول کی بنا پر اوقاتِ قِران سے باخبر ہونا دورِ حاضر میں عام لوگوں کے لئے بھی مشکل نہیں رہا۔ چونکہ شریعتِ مطہرہ میں عوام الناس کی سہولت کو مدنظر رکھا جاتا ہے اور چونکہ رسولِ اکرم ﷺ کے زمانے میں اوقاتِ قِران کی تعیین تو ایک طرف رہی، اُن سے باخبر ہونا بھی لوگوں کے لئے ممکن نہ تھا لہٰذا قمری مہینے کی ابتدا کے لئے رویتِ ہلال کو ہی معیار ٹھہرائے بغیر چارہ نہ تھا چنانچہ رمضان اور شوال کے چاند کے متعلق رسولِ اکرم ﷺ کا ارشاد ہے: **صوموا الرؤیۃ و افطروا الرؤیتہ** (۵۹) یعنی روزہ رکھنے اور نہ رکھنے کے لئے (پہلی رات کا) چاند دیکھ کر عمل کرو''۔

چونکہ قمری مہینے کا ولادتِ قمر یا تاریخ قِران سے اُصولاً آغاز ہو جاتا ہے اور چونکہ اوقاتِ قِران کی تعیین اہلِ ہیئت کے لئے مشکل نہیں رہی اور نہ ہی اہلِ ہیئت کے ذریعے عوام الناس کا ان اوقاتِ قِران سے باخبر ہونا مشکل رہا ہے لہٰذا یہ سوال ضرور پیدا ہوتا ہے کہ قمری مہینوں کی پہلی تاریخ (غرہ ہلال) کا تعیّن رویتِ ہلال کی بجائے اوقاتِ قِران (ولادتِ قمر کے اوقات) سے کیوں نہ کیا جائے؟ چنانچہ آج کل کئی ایک اسلامی ممالک میں طلوعِ ہلال یعنی ولادتِ قمر (قِران شمس وقمر) کے وقت کو ملحوظ رکھتے ہوئے قمری مہینے

کی پہلی تاریخ کا تعین کیا جاتا ہے۔ مثلاً ہجری سال ۱۴۲۵ ہجری میں ذی الحجہ کے چاند کے لئے تاریخ قران پاکستان کے معیاری وقت کے مطابق ۱۰/جنوری ۲۰۰۵ عیسوی بوقت ۳:۰۳ اتھی۔ سورج غروب ہونے کے وقت تک چاند کی عمر پاکستان میں کوئی آدھا گھنٹہ اور سعودی عرب کے وقت کے مطابق کوئی ڈھائی گھنٹے تھی۔ (۶۰/۱) اتنی عمر کے چاند کا نظر آنا ممکن ہی نہیں لیکن سعودی عرب میں یکم ذی الحجہ ۱۴۲۵ ہجری بمطابق ۱۱/جنوری ۲۰۰۵ عیسوی بروز منگل اور عید الاضحیٰ ۲۰/جنوری ۲۰۰۵ عیسوی کو بروز جمعرات ہوئی۔ بالفاظِ دیگر سعودی عرب میں رویتِ ہلال کی بجائے طلوعِ ہلال (ولادتِ قمر) کو ملحوظ رکھا گیا۔ پاکستانی رویتِ ہلال کمیٹی چونکہ رویتِ ہلال کا اعتبار کرتی ہے لہٰذا وطنِ عزیز اسلامی جمہوریہ پاکستان میں یکم ذی الحجہ ۱۲/جنوری کو اور عید الاضحیٰ ۲۲/جنوری کو بروز جمعۃ المبارک ہوئی۔ ہمارے علم کے مطابق ایسا بھی ہوتا رہا ہے کہ قران شمس وقمر مثلاً رات کے دس بجے ہونا تھا اور سورج غروب ہونے کے وقت چاند سرے سے طلوع ہی نہیں ہوا تھا مگر اُسی رات کو بعض اسلامی ممالک مثلاً سعودی عرب نے قمری مہینے کی پہلی تاریخ کا آغاز قرار دیا۔ (۶۰/۲) اگر قران مثلاً رات کے دس بجے یا گیارہ بجے ہوا ہو تو اگلے دن سورج غروب ہونے کے وقت چاند کی عمر ۱۸ گھنٹے یا اس سے زائد ہوسکتی ہے یعنی رات اور دن کے چوبیس گھنٹوں میں چاند کو پیدا ہوئے اٹھارہ گھنٹے ہو چکے ہوتے ہیں لہٰذا اگر ولادتِ قمر کے بعد دن کے اس اکثر حصے کو مدِنظر رکھتے ہوئے چاند کی پہلی تاریخ کا ہونا شرعاً مستند ہوسکتا ہے تو بھی اس کے لئے اہلِ علم کو فتویٰ ضرور صادر کرنا چاہئے۔

یہاں زیرِ بحث صورت میں ۱۶/اگست ۶۰۸ عیسوی جیولین کو گیارہ بج کر تین منٹ پر چاند کی پیدائش ہو چکی تھی لہٰذا اصولاً ۱۶/اگست کو سورج غروب ہونے کے بعد سے قمری مہینے رمضان المبارک ۴۱ میلادی قمری کا آغاز ہونا چاہئے اور ۱۷/اگست بروز ہفتہ رمضان کی پہلی تاریخ ہونی چاہے لیکن پیچیدہ صورت اُس وقت پیش آتی ہے جب قران رات کے آخری اوقات میں ہو مثلاً کسی تاریخ کو وقتِ قران اصطلاحی طور پر بائیس بجے اور عام لوگوں کے مطابق رات کے دس بجے ہو تو اگر قمری تقویم کے لئے وقتِ قران (ولادتِ قمر) کو معیار ٹھہرایا جائے تو کیا اگلی عیسوی تاریخ کو سورج غروب ہونے کے بعد سے قمری مہینے کی ابتدا کی جائے یا اسی تاریخ کو سورج غروب ہونے کے بعد سے چاند کی پہلی تاریخ شمار کی جائے حالانکہ اُس وقت ابھی قران ہوا ہی نہیں تھا؟ علومِ شرعیہ کے ماہرین کا اوّلین فریضہ ہے کہ اس سلسلے میں ایسا فیصلہ صادر کریں جس کا اطلاق عالمِ اسلام کے تمام ممالک پر بآسانی ہوسکے۔ اگر طلوعِ ہلال سے قمری مہینے کی ابتدا نہیں ہوسکتی تو سعودی عرب، مصر، افغانستان وغیرہ اور خود ہمارے وطنِ عزیز کے بعض حصوں

میں قمری تواریخ کا عموماً ایک دن مقدم ہو جانا لمحۂ فکریہ ہے اور نہیں تو کم از کم رمضان المبارک، عیدین اور حج کے ایام کی صحیح تعیین کے لئے اس انتہائی اہم مسئلے کی طرف توجہ مبذول کرنی چاہئے۔ ہم نے اس مجلّے ''السیرۃ عالمی'' کے ربیع الاول ۱۴۲۰ ہجری میں شائع ہونے والے اوّلین شمارے میں مقالۂ ہٰذا کی پہلی قسط میں اوقاتِ قِران کے حوالے سے علمائے کرام سے مذکورہ بالا صورتِ حال کے بارے میں فتویٰ طلب کیا تھا مگر افسوس ہے کہ تادمِ تحریر کسی نے بھی رہنمائی نہیں فرمائی۔

ہماری ناقص رائے میں اگر کسی عیسوی تاریخ کو سورج غروب ہونے سے پہلے قِرانِ شمس وقمر ہو چکا ہو تو اُسی عیسوی تاریخ کو چاند کی پہلی تاریخ ہونی چاہئے۔ لہٰذا پہلی وحی کے نزول کی قمری تاریخ ۲۴ رمضان المبارک ۴۱ میلادی قمری درست ہے۔ اگر رویتِ ہلال کو ملحوظ رکھا جائے تو قمری تاریخ ۲۳ رمضان المبارک لی جائے گی اور بعض احادیث سے ۲۳ رمضان کا بھی لیلۃ القدر ہونا معلوم ہوتا ہے۔

ہم نے تحویلی قواعد میں ہر جگہ رویتِ ہلال ہی کو مدنظر رکھتے ہوئے قواعد وضع کئے ہیں کیونکہ دورِ نبویؐ میں لوگوں کے لئے قمری مہینے کی پہلی تاریخ کا آغاز رویتِ ہلال ہی پر موقوف تھا۔ اگر طلوعِ ہلال کو ملحوظ رکھا جائے تو ان قواعدِ تحویل سے جو قمری تواریخ برآمد ہوں اُن سے ایک تاریخ کم کر کے اُنہیں ایک دن مقدم کر دیا جائے ان کے لئے بھی گو قواعدِ تحویل وضع کئے جا سکتے ہیں لیکن ان کی ضرورت نہیں۔

ایک غلط فہمی کا ازالہ

جن حضرات کو عربوں کی قمریہ شمسی تقویم کا علم نہ ہو سکا اُنہوں نے رسولِ اکرم ﷺ کی عمرِ مبارک کے ۶۳ قمریہ شمسی سالوں کو خالص قمری تقویم کا سمجھتے ہوئے عیسوی تقویم میں آپ کا سن ولادت ۵۷۱ عیسوی جیولین برآمد کیا پھر ۳۹ شمسی سالوں (چالیس قمری سالوں) کے بعد نزولِ وحی کا سال (۵۷۱+۳۹)=۶۱۰ عیسوی جیولین برآمد کیا۔ ۶۱۰ عیسوی جیولین میں ربیع الاول قمری کا مہینہ، فروری کے مقابل تھا اس لئے بعض حضرات نے پہلی وحی کے نزول کا مہینہ غلطی سے ربیع الاول سمجھتے ہوئے نزولِ وحی کی عیسوی تاریخ ۹ر فروری ۶۱۰ عیسوی جیولین بروز سوموار قرار دی (۶۱) اس کا صحیح نہ ہونا مذکورہ بالا مباحث سے بخوبی معلوم ہو رہا ہے۔ نیز قرآنِ کریم کی پہلی وحی کا نزول اگر موسمِ سرما میں ہوا ہوتو رسولِ اکرم ﷺ پہلے ہی کمبل وغیرہ اوڑھے ہوتے اور گھر تشریف لا کر اُمّ المؤمنین حضرت خدیجہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے یوں نہ فرماتے: **زمّلونی زملونی** ''مجھے کپڑا (کمبل وغیرہ) اوڑھاؤ'' بلکہ یوں فرماتے کہ مجھے مزید کمبل یا موٹا کپڑا وغیرہ

اوڑھاؤ۔زمّلونی سے صاف ظاہر ہو رہا ہے کہ آپ نے پہلے سے کچھ نہیں اوڑھ رکھا تھا اور اوائل ستمبر کے موسم کا تقاضا بھی یہی ہے۔مزید برآں اگر ۶۰۹ عیسوی یا ۶۱۰ عیسوی کو نزولِ وحی کا سال قرار دیا جائے تو قمری تقویم کے اعتبار سے آپ کی صحیح عمر ۴۰ سال نہیں بلکہ ۴۱، اور ۴۲ سال بنے گی، پھر ان سالوں میں ۲۳ یا ۲۴ رمضان کو سوموار کا دن برآمد نہیں ہوتا حالانکہ نزولِ وحی کا دن بالاتفاق سوموار ہے۔یکم رمضان ۴۲ میلادی قمری = (۸ × ۲۹ء۵ تقسیم ۳۵۴ + ۴۲) × ۰ء۹۷۰۲۰۴ + ۵۶۸ء۲۰۷۱ = ۶۰۹ء۶۰۲۴۷، (۰ء۶۰۲۴۷ × ۳۶۵) = ۲۱۹ء۹ = ۲۲۰ دن = ۸/ اگست ۶۰۹ عیسوی، ۸/ اگست ۶۰۹ عیسوی جیولین کا دن = (۶۰۸ × ۱ء۲۵ + ۲۲۰) = ۹۸۰، (۹۸۰ تقسیم ۷ کا باقی ماندہ) = صفر = جمعۃ المبارک، یعنی یکم رمضان ۴۲ میلادی قمری کو جمعہ تھا لہٰذا سوموار کا دن ۴، ۱۱، ۱۸، ۲۵ رمضان کو ہوا۔

یکم رمضان ۴۳ میلادی قمری = (۸ × ۲۹ء۵ تقسیم ۳۵۴ + ۴۳) × ۰ء۹۷۰۲۰۴ + ۵۶۸ء۲۰۷۱ = ۶۱۰ء۵۷۲۶۷، (۰ء۵۷۲۶۷ × ۳۶۵) = ۲۰۹ء۰۲ = ۲۰۹ دن = ۲۸ جولائی ۶۱۰ عیسوی، ۲۸/ جولائی ۶۱۰ عیسوی جیولین کا دن = (۶۰۹ × ۱ء۲۵ کا حاصلِ ضرب بحذف کسر + ۲۰۹) = ۹۷۰، (۹۷۰ تقسیم ۷ کا باقی ماندہ) = ۴ = منگل، یعنی یکم رمضان ۴۳ میلادی قمری کو منگل تھا لہٰذا سوموار کا دن ۷، ۱۴، ۲۱، ۲۸ رمضان کو ہوسکتا ہے۔اگر رویتِ ہلال کی بجائے طلوعِ ہلال کو ملحوظ رکھا جائے تو سال ۶۰۹، اور ۶۱۰ عیسوی جیولین میں رمضان المبارک کی مذکورہ تواریخ میں ایک دن کا اضافہ ہو جائے گا۔چونکہ بعض مرفوع احادیث سے نزولِ قرآن کی تاریخ ۲۴ رمضان المبارک اور دن بالاتفاق سوموار ثابت ہے اور چونکہ قمری تقویم کے اعتبار سے پہلی وحی کے نزول کے وقت آپ کی عمرِ مبارک چالیس برس تھی اور شمسی وقمریہ شمی تقویم کے اعتبار سے ۳۹ برس تھی اور چونکہ ۲۴ رمضان کی تاریخ صرف سال ۶۰۸ عیسوی جیولین میں ہی برآمد ہوتی ہے لہٰذا آپ کا سنِ ولادت (۶۰۸ - ۳۹) = ۵۶۹ عیسوی جیولین ہے نہ کہ ۵۷۱ عیسوی جیولین۔

پس حسابی تخریجات اور متعلقہ مباحث سے پوری طرح واضح ہوگیا کہ پہلی وحی کے نزول کی عیسوی جیولین تاریخ ۹/ستمبر ۶۰۸ عیسوی جیولین بروز سوموار ہے جس کے بالمقابل قمری تاریخ بلحاظِ رویتِ ہلال ۲۳/رمضان ۴۱ میلادی قمری اور بلحاظِ طلوعِ ہلال ۲۴ رمضان ۴۱ میلادی قمری ہے۔اس سال لیلۃ القدر کی یہی قمری تاریخ تھی اور ستمبر کے مہینے کی راتوں کا معتدل ہونا کثیر الوقوع ہے۔

فترتِ وحی کا زمانہ

رسولِ اکرم ﷺ پر پہلی مرتبہ وحی نازل ہونے کے بعد کچھ مدت کے لئے وحی رک گئی۔یہ

فترتِ وحی کا زمانہ کہلاتا ہے جس کی تعیین میں اہل سیر و مغازی میں شدید اختلاف ہے۔ بعض کے خیال میں یہ مدت چند دنوں تک کی ہے۔ بعض نے اسے مہینوں بلکہ سالوں تک بڑھایا ہے۔

علامہ ابنِ کثیرؒ لکھتے ہیں کہ بعض قابلِ اعتماد روایات کی روشنی میں یہ مدت ڈھائی برس ہے۔

(۶۲) حسابی شواہد سے اس مدت کی تعیین بحمد اللہ ہمارے لئے مشکل نہیں رہی۔

اہلِ سیر و مغازی نے رسولِ اکرم ﷺ پر پہلی وحی کے نزول کا قمری سال تو چالیس (قمری) سال کی عمر پوری ہونے پر بجا طور پر ۴۱ میلادی قمری (۴۱ عام الفیل) قرار دیا ہے۔ تاہم بعض حضرات نے نزولِ وحی کا مہینہ غلطی سے رمضان المبارک کی بجائے ربیع الاول کا سمجھ لیا۔ فترتِ وحی کی مدت ڈھائی سال لی جائے تو ربیع الاول ۴۱ میلادی قمری سے شمار کرنے پر یہ مدت ۳۰ شعبان ۴۳ میلادی قمری پر ختم ہوتی ہے۔ ہم یکم رمضان المبارک ۴۳ میلادی قمری کے مقابل عیسوی جیولین تاریخ معلوم کرتے ہیں۔ یکم رمضان المبارک ۴۳ میلادی قمری = (۸×۲۹٫۵ تقسیم ۳۵۴ + ۴۳) × ۰٫۹۷۰۲۰۴ + ۵۶۸٫۲۰۷۱ = ۶۱۰٫۵۷۶۷، (۰٫۵۷۶۷ × ۳۶۵) = ۲۰۹٫۰۲ = ۲۰۹ دن = ۲۸ جولائی ۶۱۰ عیسوی جیولین، عیسوی سال ۶۰۹-۶۱۰ کے بالمقابل عبرانی تقویم کا سال (۶۰۹ + ۳۷۶۱) = ۴۳۷۰ خلیقہ عبرانی تھا۔ جو ۱۹ سالہ عبرانی میطونی ادوار کے لحاظ سے (۴۳۷۰ تقسیم ۱۹ = ۲۳۰ حاصلِ قسمت، باقی صفر) ۲۳۰ ویں دور کا آخری یعنی اُنیسواں سال ہونے کی وجہ سے مکبوس سال تھا۔ ہمیں یہ معلوم ہے کہ عبرانی تقویم کی طرز پر عربوں کے دورِ جاہلیت سے چلی آنے والی قمریہ شمسی تقویم میں پہلے مہینے محرم قمریہ شمسی کا آغاز عیسوی جیولین تقویم کے مہینے ستمبر سے ہوا کرتا تھا اور بعض سالوں میں اواخرِ اگست سے ہوا کرتا تھا۔ ستمبر سے اگر محرم کو شمار کیا جائے اور پھر اگلا مہینہ محرم کبیسہ کا ڈالا جائے تو جولائی کے مہینے تک قمریہ شمسی تقویم کا مہینہ شوال برآمد ہوگا اور مذکورہ بالا برآمد شدہ عیسوی تاریخ ۲۸ جولائی ۶۱۰ عیسوی جیولین سے یکم ذی قعدہ (قمریہ شمسی) کا آغاز ہوگا یعنی یکم رمضان ۴۳ میلادی قمری کے بالمقابل قمریہ شمسی تقویم کا مہینہ ذی قعدہ قمریہ شمسی رواں تھا۔ فترتِ وحی کے بعد دوسری وحی سورۂ مدثر کی ابتدائی آیات پر مشتمل تھی جن میں رسولِ اکرم ﷺ کو لوگوں تک وحی پہنچانے اور (اللہ کے عذاب سے اُنہیں) ڈرانے کا مکلّف اور پابند ٹھہرایا گیا ہے گو یہ تبلیغ ابتدائی تین سالوں میں خفیہ رہی لیکن اس کا آغاز فترتِ وحی کا زمانہ ختم ہونے پر دوسری وحی کے نزول کے بعد ہوا۔ ہمیں یہ بھی معلوم ہو چکا ہے کہ اس دور میں اہلِ مکہ کی تقویم قمریہ شمسی تھی اور ذی قعدہ قمریہ شمسی کا مہینہ اس تقویم کے اشہرِ حرم (حرمت والے مہینوں) میں شامل تھا اور حرمت والے مہینے امن و امان کے اعتبار سے محفوظ و مامون مہینے تھے لہٰذا تبلیغ کے اس حکم کی تعمیل میں تبلیغ کا آغاز حرمت والے مہینے

میں ہی مناسب تھا۔ اس قمریہ شمسی مہینے کے مقابل خالص قمری تقویم کا مہینہ رمضان المبارک رواں تھا پس ہماری تحقیق کے مطابق دوسری وحی کے نزول کا قمری مہینہ بھی رمضان المبارک ہی ہے۔ پہلی وحی کے نزول کی تاریخ ۲۳/۲۴ رمضان المبارک ۴۱ میلادی قمری سے آغاز رمضان المبارک ۴۳ میلادی قمری تک مدت ۲ رسال بنتی ہے۔ یہی فترتِ وحی کی صحیح مدت ہے۔ اگر پہلی وحی کا نزول ربیع الاول میں قرار دیا جائے تو ربیع الاول ۴۱ میلادی قمری سے رمضان المبارک ۴۳ میلادی قمری تک مدت ڈھائی سال بنے گی چنانچہ جن حضرات نے غلطی سے پہلی وحی کے نزول کا قمری مہینہ ربیع الاول سمجھ لیا، اُنہوں نے فترتِ وحی کی مدت ڈھائی سال شمار کر لی اور اگر قمری سال کو اس کے پہلے مہینے محرم سے شمار کیا جائے تو یہ مدت ۲ سال ۹ ماہ بنے گی جسے بہ تکمیلِ کسر بعض حضرات نے تین سال کی مدت قرار دیا۔ یوں فترتِ وحی کی مدت کو ڈھائی اور تین سال قرار دینے کی وجہ معلوم ہوگئی جبکہ حقیقی مدت دو سال کے قریب ہے۔ پہلی اور دوسری وحی دونوں کے نزول کا قمری مہینہ رمضان المبارک ہے۔ پہلی اور دوسری وحی کا نزول ربیع الاول میں نہیں ہوا خواہ اسے قمری تقویم کا لیا جائے یا قمریہ شمسی تقویم کا قرار دیا جائے۔ یہاں یہ بات پھر ملحوظ رہے کہ ربیع الاول کی فضیلت میں ضعیف تو درکنار، کسی موضوع روایت تک کو بھی جگہ نہ ملنا بڑا ہی معنی خیز ہے۔

جدولِ عمرِ مبارک

ہم سنِ میلادی (قمریہ شمسی وقمری)، سنِ نبوی (قمریہ شمسی وقمری)، سنِ ہجری (قمریہ شمسی و قمری) اور ان کے مقابل سنِ عیسوی جیولین سے متعارف ہو چکے ہیں، لہٰذا رسولِ اکرم ﷺ کے قبلِ بعثت و بعدِ بعثت مکی دور اور ہجرت کے بعد مدنی دور کو ہم شمار کریں تو آپ ﷺ کی عمرِ مبارک کی صحیح جدول مرتب ہو سکتی ہے۔ چونکہ آپ ﷺ کو دوسری وحی کے نزول کے بعد تبلیغ کا مکلف ٹھہرایا گیا تھا لہٰذا بعثت کا حقیقی آغاز پہلی وحی کے نزول کے وقت سے نہیں بلکہ دوسری وحی کے نزول کے زمانے سے یعنی رمضان المبارک ۴۳ میلادی قمری سے ہوتا ہے اگرچہ رسالت کا ظہور پہلی وحی سے ہی ہو گیا تھا۔

جدولِ عمرِ مبارک خاتم النبیّین محمد رسول اللہ ﷺ

اس جدول میں ہر تقویم کی حقیقی تواریخ دی گئی ہیں گو عام تقویمی مقاصد کے لئے تقویم کا آغاز محرم کے مہینے سے کیا جاتا ہے۔

	نمبر شمار ←	(۱)	(۲)	(۳)	مجموعی میزان مدت قمریہ شمسی
(۱) قمریہ شمسی	نوعیتِ تقویم ←	میلادی	نبوی	ہجری	دن ماہ سال
	آغاز	۸؍ربیع الاول میلادی بروز سوموار	کم ذی قعدہ ۱؍نبوی بروز منگل	۱۲؍ربیع الاول ۱؍ہجری بروز سوموار	۲۳ ۷ ۴۰ ۱۱ ۴ ۱۲ ۱ ۷ ۹ ۵ ۷ ۶۲
	اختتام بشمول دورِ فترتِ وحی	۳۰ شوال ۴۱ میلادی بروز سوموار	۱۱؍ربیع الاول ۱۴؍نبوی بروز اتوار	۱۲؍رمضان ۱۰؍ہجری بروز سوموار بشمول یوم وفات	۶۲ سال ۷ ماہ ۵ دن (بہ تکمیل کسر ۶۳ سال)
	کل مدت	۴۰ سال ۷ ماہ ۲۳ دن (بہ تکمیل کسر ۴۱ سال)	۱۲؍سال ۴ ماہ ۱۱ دن (بحذفِ کسر ۱۲؍سال)	☆ ۹ سال ۷ ماہ ایک دن (بہ تکمیل کسر ۱۰؍سال)	قمریہ شمسی تقویم حجۃ الوداع میں منسوخ ہوئی۔ ہم نے یہاں بغرضِ حساب اسے آخر تک شمار کیا ہے۔
(۲) قمری	نمبر شمار	(۱)	(۲)	(۳)	مجموعی میزان مدت قمری
	نوعیتِ تقویم	میلادی	نبوی	ہجری	دن ماہ سال
	آغاز	۸؍رمضان ۱؍میلادی بروز سوموار	کم رمضان ۱؍نبوی بروز منگل	۱۲؍جمادی الاولیٰ ۱؍ہجری بروز سوموار	۲۳ ۱۱ ۴۱ ۱۱ ۸ ۱۲ ۱ ۱۰ ۹ ۵ ۶ ۶۴
	اختتام بشمول دورِ فترتِ وحی	۳۰ شعبان ۴۳ میلادی بروز سوموار	۱۱؍جمادی الاولیٰ ۱۴؍نبوی بروز اتوار	۱۲؍ربیع الاول ۱۱؍ہجری بشمول یوم وفات	۶۴ سال ۶ ماہ ۵ دن
	کل مدت	۴۱ سال ۱۱؍ماہ ۲۳ دن (بہ تکمیل کسر ۴۲ سال)	۱۲؍سال ۸ ماہ ۱۱؍دن (بہ تکمیلِ کسر ۱۳ سال)	۹ سال ۱۰؍ماہ ایک دن (بہ تکمیل کسر ۱۰؍سال)	(بہ تکمیل کسر ۶۵ سال)
(۳) عیسوی جیولین	نمبر شمار	(۱)	(۲)	(۳)	مجموعی میزان؟؟؟
	نوعیتِ تقویم	میلادی شمسی	نبوی شمسی	ہجری شمسی	دن ماہ سال
	آغاز	۴ نومبر ۵۶۹ عیسوی بروز سوموار	۲۸ جولائی ۶۱۰ عیسوی بروز منگل	۲۲ نومبر ۶۲۲ عیسوی بروز سوموار	۲۴ ۹ ۴۰ ۲۵ ۳ ۱۲ ۱۷ ۶ ۹ ۵ ۷ ۶۲
	اختتام بشمول مدت دورِ فترتِ وحی	۲۷ جولائی ۶۱۰ عیسوی بروز سوموار	۲۱؍سال ۶۲۲ عیسوی بروز اتوار	۸ جون ۶۳۲ عیسوی بروز سوموار بشمول یوم وفات	ایک ماہ ۳۱ دن کا دوسرا ۳۰ دن کا ہے (بہ تکمیلِ کسر ۶۳ سال)
	کل مدت	۴۰ سال ۸ ماہ ۲۴ دن (بہ تکمیل کسر ۴۱ سال)	۱۲؍سال ۳ ماہ ۲۵ دن (بحذف کسر ۱۲؍سال)	۹ سال ۶ ماہ ۱۷ دن (بہ تکمیل کسر ۱۰؍سال)	

☆ سال ۱۰؍ہجری قمریہ شمسی (۱۰-۱۱ ہجری قمری) مکبوس سال تھا اس لئے مہینے جدول ہذا میں ۶ کی بجائے ۷ شمار کئے گئے ہیں یعنی محرم کبیسہ کی وجہ سے ایک مہینہ بڑھایا گیا ہے۔

سنِ نبوی قمری

اگرچہ پہلی وحی کا نزول ۲۳/۲۴ رمضان المبارک ۴۱ میلادی قمری بمطابق ۹ ستمبر ۶۰۸ عیسوی جیولین بروز سوموار ہوا اور آپ ﷺ کی رسالت کا ظہور ہو گیا لیکن فترتِ وحی کی مدت ختم ہونے سے پہلے یا دوسری وحی کے نزول سے پہلے تک آپ ﷺ تبلیغ کے پابند نہ تھے اور نہ ہی لوگوں کو آپ پر ایمان لانے کا مکلف ٹھہرایا گیا تھا اس لئے سن نبوت یا سالِ نبوی قمری کا حقیقی آغاز دورِ فترت کے بعد ہوتا ہے یعنی اس کا آغاز ظہورِ رسالت ﷺ سے نہیں بلکہ اظہارِ رسالت کے وقت سے ہونا چاہئے۔ رسالت کا یہ اظہار رمضان المبارک ۴۳ میلادی قمری میں ہوا۔ چونکہ قمری بلکہ قمریہ شمسی تقویم میں بھی سال کا آغاز محرم سے کیا جاتا ہے لہٰذا سالِ نبوی قمری کی ابتدا یکم محرم ۴۳ میلادی قمری سے ہوتی ہے بالفاظِ دیگر یکم محرم ۴۳ میلادی قمری بمطابق یکم محرم ۱ نبوی قمری ہے۔

قواعدِ تحویل

ہم پہلے یکم محرم ۴۳ میلادی قمری کے بالمقابل عیسوی جیولین تقویم کی تاریخ معلوم کریں گے۔

یکم محرم ۴۳ میلادی قمری = (۴۳×ء۹۷۰۲۰۴ + ۵۶۸ء۲۰۷۱) = ۶۰۹ء۹۲۵۸۷، (ء۲۹۵۸۷ × ۳۶۵) = ۳۳۷ء۹ = ۳۳۸ دن = ۴ دسمبر ۶۰۹ عیسوی جیولین، پس سن نبوت (سالِ نبوی قمری) کا آغاز ۴ دسمبر ۶۰۹ عیسوی جیولین سے ہوا۔

سالِ نبوی کی عیسوی جیولین میں تحویل

ہم اس مقصد کے لئے قواعد و کلیات بالکل اسی طریقے پر وضع کریں گے جو ہم نے میلادی قمری تقویم کے سلسلے میں اختیار کیا تھا اور جسے ہم قبل ازیں بالتفصیل بیان کر چکے ہیں، لہٰذا یہاں صرف اشارات پر ہی اکتفا کیا جائے گا۔

(۴ دسمبر ۶۰۹ عیسوی جیولین کی اعشاری تحویل)، (۱×ء۹۷۰۲۰۴) = (۳۳۸ تقسیم ۳۶۵ء۲۵ + ۶۰۹) - (ء۹۷۰۲۰۴) = (۶۰۹ء۹۲۵۳۹ - ء۹۷۰۲۰۴) = ۶۰۸ء۹۵۵۱۹، اسے ۶۰۸ء۹۵۵۲ سمجھ لیا جائے۔ پس رواں سالِ نبوی کو ء۹۷۰۲۰۴ سے ضرب دے کر حاصلِ ضرب میں ۶۰۸ء۹۵۵۲ جمع کرنے سے حاصل جمع کے صحیح اعداد متعلقہ عیسوی سال کو ظاہر کریں گے۔ صحیح اعداد کے ساتھ والی

کسر کو عام عیسوی سالوں کے لئے ۳۶۵ اور لیپ کے سالوں کے لئے ۳۶۶ سے ضرب دے کر عیسوی سال کے دن برآمد کئے جائیں گے۔ یکم جنوری سے دنوں کو شمار کرتے ہوئے عیسوی مہینہ اور تاریخ برآمد کی جائے گی یعنی کلّیہ یوں ہوا: (رواں نبوی سال × ۹۷۰۲۰۴ء + ۶۵۵۲ء۶۰۸) = عیسوی جیولین، اب ہم چند مثالوں سے وضاحت کرتے ہیں:۔

(۱) مثلاً ہمیں یکم محرم ۱۲/ نبوی قمری کی عیسوی جیولین تقویم میں تحویل مطلوب ہے، (۱۲× ۹۷۰۲۰۴ء + ۶۵۵۲ء۶۰۸) = ۶۲۰ء۵۹۷۶۴، (۵۹۷۶۴ء × ۳۶۶) = ۲۱۸ء۷، = ۲۱۹ دن = ۶ اگست ۶۲۰ عیسوی جیولین، تاریخ قِران ۴ اگست ۶۲۰ عیسوی جیولین بوقت ۱۲:۰۱ ہے۔ پس چاند ۵ اگست کو سورج غروب ہونے کے وقت نظر آیا اور ۶ اگست کو چاند کی پہلی تاریخ ہوئی لہٰذا ہماری مذکورہ تخریج درست ہے۔

(۲) مثلاً ہمیں ۲۰/ شعبان ۱۰/ نبوی قمری کے مقابل عیسوی جیولین تاریخ مطلوب ہے:
(۷×۲۹ء۵ + ۱۹) تقسیم ۳۵۴ + ۱۰ = ۶۳۷۰۰۵ء۱۰، (۱۰ء۶۳۷۰۰۵ × ۹۷۰۲۰۴ء + ۶۵۵۲ء۶۰۸) = ۶۱۹ء۲۷۵۲۶، (۲۷۵۲۶ء × ۳۶۵) = ۱۰۰ء۴ = ۱۰۰/ دن = ۱۰/ اپریل ۶۱۹ عیسوی جیولین، تاریخِ قِران ۲۱ مارچ ۶۱۹ عیسوی جیولین بوقت ۱۹:۰۷، پس یکم شعبان = ۲۳ مارچ، لہٰذا ۲۰ شعبان = (۲۳ مارچ + ۱۹) = (۴۲-۳۱ دن مارچ کے) = ۱۱/ اپریل ۶۲۰ عیسوی جیولین، یہاں ایک دن کا فرق پڑا ہے۔

مذکورہ بالا کلیے کے عملی اطلاق میں ہم بغرضِ سہولت عام عیسوی سال ۳۶۵ دن کا، لیپ کا سال ۳۶۶ دن کا، قمری سال ۳۵۴ دن کا لیں اور قمری مہینہ ۲۹ء۵ دن کا لیں گے۔

اگر سالِ نبوی قمری کو ۱۴/ سے تفریق کریں تو وہ قبلِ ہجرت قمری سال میں بدل جائے گا۔ اسی طرح قبلِ ہجرت قمری سال کو ۱۴/ سے تفریق کرنے سے وہ سال نبوی قمری میں بدل جائے گا۔ مثلاً ۱۲/ نبوی قمری = (۱۴-۱۲) = ۲ قبل ہجرت قمری، اور مثلاً ۲ قبل ہجرت قمری = (۱۴-۲) = ۱۲/ نبوی قمری۔ ہم مقالے کی پہلی قسط میں قبل ہجرت سالوں کو عیسوی جیولین میں لانے کے قواعد مع امثلہ بیان کر چکے ہیں، لہٰذا سالِ نبوی قمری کو عیسوی جیولین میں لانے کا دوسرا طریقہ یہ ہے کہ سال نبوی قمری کو پہلے سال قبلِ ہجرت قمری میں لایا جائے اور پھر اسے عیسوی تقویم میں تبدیل کیا جائے۔ اس طریقے سے مذکورہ بالا مثالوں میں عیسوی جیولین تقویم میں تحویل کا حسابی عمل یوں جاری ہوگا:۔

(۱) یکم محرم ۱۲/ نبوی قمری = (۱۴-۱۲) = ۲ قبل ہجرت قمری، (-۲ × ۹۷۰۲۰۴ء + ۵۳۹۷ء۶۲۲) = ۶۲۰ء۵۹۹۳، (۵۹۹۳ء × ۳۶۶) = ۲۱۹ء۳ = ۲۱۹ دن = ۶ اگست ۶۲۰ عیسوی جیولین۔

(۲) ۲۰ شعبان ۱۰/نبوی قمری = (۱۴-۱۰) = ۲۰ شعبان ۴ قبل ہجرت قمری، (۷×۲۹٫۵ +۱۹) تقسیم ۳۵۴ - ۴ = -۳٫۳۶۲۹۹۴۴، (-۳٫۳۶۲۹۹۴۴ × ۹۷٫۰۲۰۴ + ۶۲۲٫۵۳۹۷) = ۶۱۹٫۲۷۶۹۱، (۰٫۲۷۶۹۱ × ۳۶۵) = ۱۰۱٫۰۷ = ۱۰۱ دن = ۱۱/اپریل ۶۱۹ عیسوی جیولین۔

عیسوی جیولین کی سال نبوی قمری میں تحویل

چونکہ ہم کلیے میں یکم جنوری کی ''یکم'' تاریخ کو بغرضِ سہولت نظر انداز کرنا چاہتے ہیں لہٰذا ہم ۴ دسمبر ۶۰۹ عیسوی جیولین کی بجائے ۳ دسمبر ۶۰۹ عیسوی جیولین کو اعشاری تحویل میں لائیں گے۔ (۳ دسمبر تک دن، ۳۳۷ تقسیم ۳۶۵٫۲۵ + ۶۰۹) = ۶۰۹٫۹۲۲۶۵، (۶۰۹٫۹۲۲۶۵ تقسیم ۹۷٫۰۲۰۴) - (۱ تقسیم ۳۵۴٫۳۶۷۰۶ + ۱) = (۶٫۲۸۶۵۴۰۲ - ۱٫۰۰۲۸۲۱۹) = ۶٫۲۷۶۵۱۲، پس رواں عیسوی سال کو ۹۷٫۰۲۰۴ پر تقسیم کر کے حاصلِ قسمت سے ۶٫۲۷۶۵۱۲ تفریق کرنے سے جو حاصل تفریق برآمد ہوگا، اس کے صحیح اعداد متعلقہ رواں نبوی قمری سال کو ظاہر کریں گے۔ کسر اعشاریہ کو ۱۲ سے ضرب دینے سے حاصلِ ضرب کے صحیح اعداد سے گزشتہ قمری مہینے ظاہر ہوں گے۔ مہینوں کے ساتھ والی کسر اعشاریہ کو ۲۹٫۵ سے ضرب دینے سے متعلقہ قمری مہینے کی رواں تاریخ برآمد ہوگی۔ یعنی کلیّہ یوں برآمد ہوا۔

(رواں عیسوی جیولین سال تقسیم ۹۷٫۰۲۰۴ - ۶٫۲۷۶۵۱۲) = نبوی قمری، اس کلیے کے عملی اطلاق میں ہم عام عیسوی سال ۳۶۵ دن کا اور لیپ کا عیسوی سال ۳۶۶ دن کا لیں گے۔ قمری سال ۳۵۴ دن کا اور قمری مہینہ ۲۹٫۵ دن کا لیں گے۔ اب چند مثالیں پیش کی جاتی ہیں:

۱۔ مثلاً ہمیں یکم جنوری ۶۲۰ عیسوی جیولین کی سال نبوی قمری میں تحویل مطلوب ہے۔ (۶۲۰ تقسیم ۹۷٫۰۲۰۴ - ۶٫۲۷۶۵۱۲) = ۱۱٫۳۸۹۶۶، (۰٫۳۸۹۶۶ × ۱۲) = ۴٫۶۷۵۹۲، یعنی چار قمری مہینے پورے ہو کر پانچواں مہینہ جمادی الاولیٰ کا رواں تھا۔ (۰٫۶۷۵۹۲ × ۲۹٫۵) = ۱۹٫۹ = ۲۰ جمادی الاولیٰ ۱۱/نبوی قمری، تاریخِ قران ۱۲/دسمبر ۶۱۹ عیسوی جیولین بوقت ۱۲:۰۱، پس یکم جمادی الاولیٰ = ۱۴ دسمبر، ۲۰ جمادی الاولیٰ = (۱۴ دسمبر + ۱۹) = ۳۳-۳۱ دن دسمبر کے) = ۲ جنوری ۶۲۰ عیسوی، یہاں ایک دن کا فرق پڑا ہے۔ وقتِ قِران کی روشنی میں یکم جنوری ۶۲۰ عیسوی جیولین کے مقابل سالِ نبوی قمری کی صحیح تاریخ ۱۹/جمادی الاولیٰ ۱۱/نبوی قمری ہے۔

۲۔ مثلاً ہم ۲۶ اگست ۶۱۴ عیسوی جیولین کو سالِ نبوی قمری میں بدلنا چاہتے ہیں۔ (۲۳۷ تقسیم

۳۶۵+۶۱۴) تقسیم ۹۷۰۲۰۴ء-۶۵۱۲ء۶۲۷ = ۸۷۴۶۴ء۵، (۱۲× ۸۷۴۶۴ء) = ۴۹۵۶۸ء۱۰، پس رواں قمری مہینہ (۱+۱۰) = ۱۱ = ذی قعدہ، (۴۹۵۶۸ء۵ × ۲۹ء۵) = ۱۴ء۶ = ۱۵ ذی قعدہ ۵ نبوی قمری، تاریخِ قِران ۱۱/اگست ۶۱۴ عیسوی جیولین بوقت ۴۵:۰۷، پس چاند کی پہلی تاریخ یعنی یکم ذی قعدہ = ۱۳/اگست، ۱۵/ذی قعدہ = (۱۳+۱۴) = ۲۷ اگست، یہاں بھی ایک دن کا فرق پڑا ہے۔ وقتِ قِران کی روشنی میں ۲۶ اگست ۶۱۴ عیسوی جیولین کے مقابل سالِ نبوی قمری کی صحیح تاریخ ۱۴/ذی قعدہ ۵ نبوی قمری ہے۔

چونکہ نبوی قمری سال کو ۱۴/ سے تفریق کرنے سے قبل ہجرت قمری سال برآمد ہوتا ہے لہٰذا عیسوی جیولین کو سالِ نبوی قمری میں لانے کا دوسرا طریقہ یہ ہے کہ ہم پہلے اسے قبلِ ہجرت قمری تقویم میں لائیں اور پھر اسے نبوی قمری تقویم میں بدل لیں۔ عیسوی جیولین کو قبلِ ہجرت قمری تقویم میں لانے کا کلیہ ہم نے مقالے کی پہلی قسط میں مع امثلہ تفصیل سے بیان کیا تھا۔ اس کی روشنی میں ہم مذکورہ بالا دونوں مثالوں کی پڑتال کرتے ہیں۔

